س :۔ المفصل کے زمرے میں آنے والی سورتوں کی مزید تقسیم کے بارے میں کچھ بتائیے؟

ج :۔ سورہ النباء تک (طوالِ مفصل)۔ الضحیٰ تک (اوساطِ مفصل) اور الضحیٰ سے آخر تک (قصارِ مفصل)

س :۔ ہجرت سے پہلے نازل ہونے والی سورتوں کو مکی کہا جاتا ہے۔ ہجرت کے بعد نازل ہونے والی سورتوں کو کیا کہتے ہیں؟ ج :۔ مدنی۔

س :۔ مکی سورتیں طویل ہیں یا مدنی؟ ج :۔ مدنی

س :۔ کس سورہ کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے اس سورہ کی تلاوت کی قیامت کے دن تمام رسول اور انبیاء اس سے مصافحہ کریں گے؟ ج :۔ سورہ سبا۔

Marfat.com

س:۔ قرآن پاک کی اس آخری سورہ کا نام بتائیے۔ جس کا آغاز الحمدللہ سے ہوتا ہے۔
ج:۔ سورہ فاطر۔
س:۔ حضورؐ نے کس سورہ کے بارے میں فرمایا کہ جس نے اس کی تلاوت کی اسے اللہ تعالیٰ ان پہاڑوں سے دس گنا زیادہ نیکیاں عطا فرمائے گا جو حضرت داؤد علیہ السلام کے لئے اللہ تعالیٰ نے مسخر کئے تھے۔ ج:۔ سورہ ص۔

سورتوں کے نام، ان کی وجہ تسمیہ اور مضامین

۱۔ **سورہ الفاتحہ** قرآن پاک کی سب سے پہلی سورہ ہے۔ اس لئے اسے فاتحۃ الکتاب کہتے ہیں۔ بالفاظ دیگر یہ قرآن پاک کا دیباچہ ہے۔ اس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو طلب ہدایت و اصلاح کے سلسلے میں درخواست کرنے کا طریقہ بتلایا ہے۔

۲۔ **سورہ بقرہ** قرآن پاک کی طویل ترین سورہ ہے۔ اس میں ایک مقام پر گائے کا ذکر آیا ہے۔ اس نسبت سے اسے سورہ بقرہ کا نام دیا گیا ہے۔ اس میں ملت اسلامیہ کا اعلان اور منشور، نوع انسانی کی تقسیم (مومن کافر اور منافق) کے ساتھ تخلیق آدم کا مختصر ذکر ملتا ہے۔

۳۔ **سورہ اٰل عمران** اس میں چونکہ اٰل عمران کا ذکر آیا ہے اس لئے اس کا نام اٰل عمران ٹھہرا۔ اس میں یہود اور نصاریٰ کو خصوصیت سے خطاب کیا گیا ہے۔ جنگ بدر کے حوالے سے جنگ احد کا مفصل بیان بھی ہے۔

Marfat.com

۴- سورہ نساء

اس سورہ میں عورتوں کا تفصیلی ذکر کیا گیا ہے ۔ اس لئے اسے سورہ نساء کہا جاتا ہے ۔ اس میں یتیموں کے حقوق ولیوں کی ذمہ داریوں، عورتوں کے ساتھ سلوک، حرمت نکاح تزکیہ نفس، معاملات کو اہل لوگوں کے سپرد کرنے، اپنا دفاع کرنے اور عدل کرنے کا ذکر آیا ہے ۔

۵- سورہ مائدہ

اس کے معنی خوان کے ہیں ۔ اس میں مسلمانوں کے بول چال، کھانے پینے اور رہنے سہنے کے طریقوں پر روشنی ڈالی گئی ہے ۔ اور حلال و حرام کی قطعی حدود قائم کر دی گئی ہیں ۔

۶- سورہ انعام

اس کے رکوع ۱۷، ۱۸ میں بعض انعام (مویشیوں) کی حرمت کے متعلق اہل عرب کے توہمات کی تردید کی گئی ہے ۔ اسی لئے اس کا نام سورہ انعام پڑا ۔ توحید الٰہی اس کا اصل مضمون ہے ۔

۷- سورہ اعراف

اس میں اعراف (بلندیوں) اور اصحاب کا ذکر آیا ہے اس لئے اس مناسبت سے اس کا نام اعراف پڑا ۔ اس کا مرکزی نقطہ یہ ہے کہ قرآن پاک انسان کے لئے ازلی و ابدی ہدایت کا سرچشمہ ہے ۔ نیز حضرت نوحؑ، ہودؑ، حضرت صالحؑ اور حضرت شعیبؑ کی قوم کا بھی ذکر آیا ہے ۔

۸- سورہ انفال

اس کا نام پہلی آیت کے فقرہ یَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ سے لیا گیا ہے ۔ اس میں مسلمانوں کے لئے مال غنیمت کی تقسیم کے متعلق احکام کے علاوہ غزوہ بدر کے بھی بعض واقعات کا ذکر ملتا ہے ۔

۹- سورہ توبہ

اس کی آیت ۱۰۴ میں اللہ تعالیٰ کی جانب سے اپنے بندوں کی توبہ قبول کرنے کا ذکر ملتا ہے ۔ اس لئے اس کا نام سورہ توبہ پڑا ۔ اس میں کفار کے جھگڑوں اور اعلان نقض عہد کا بیان آیا ہے ۔

Marfat.com

۱۰۔ سورہ یونس

اس سورہ کی آیت ۹۸ میں اشارتاً حضرت یونسؑ کا ذکر آیا
اس نسبت سے اس سورہ کا نام سورہ یونس پڑا۔ اس
میں توحید و رسالت کا بیان آیا ہے۔

۱۱۔ سورہ ہود

اس کی پچاسویں آیت میں حضرت ہودؑ کا ذکر آیا ہے۔
اس نسبت سے یہ سورہ ہود کہلاتی ہے۔ اس میں سابقہ
انبیاء کرام اور ان کے مخالفین کا ذکر مثالوں کے ساتھ کیا گیا ہے۔ بالفاظ دیگر
اس کا مرکزی خیال حق و باطل ہے۔

۱۲۔ سورہ یوسف

اس کی آیت ۷ میں حضرت یوسفؑ کا نام آیا ہے۔ اس
بناء پر یہ سورہ یوسف کہلاتی ہے۔ اس میں حضرت
یوسفؑ اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر آیا ہے۔

۱۳۔ سورہ الرعد

اس کا نام اس سورہ کی آیت ۱۳ کے لفظ الرعد سے
اخذ کیا گیا ہے۔ اس سورہ کا مرکزی خیال یہ ہے کہ
مسلمانوں کے لئے جو چیز حضورؐ پیش کر رہے ہیں، وہی حق ہے۔ اور جو لوگ اس
کو نہیں مان رہے وہ غلطی پر ہیں۔

۱۴۔ سورہ ابراہیم

اس کا نام اس سورہ کی آیت ۳۵ کے ایک فقرے
سے ماخوذ ہے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت نوحؑ
اور حضرت موسیٰؑ کی قوموں اور عاد و ثمود کی طرف پیغمبر بھیجے گئے تھے۔ انہوں
نے بڑی استواری دکھائی مگر ان کی قوموں نے راہِ راست اختیار نہ کی۔

۱۵۔ سورہ حجر

اس سورہ میں مکہ کے قریب وادی حجر میں رہنے والی قوم کا
ذکر کیا گیا۔ اسی بنا پر اسے سورہ حجر کہتے ہیں۔ اس سورہ
میں حضورؐ کی دعوت کو ٹھکرانے والوں کو تنبیہ کی گئی ہے۔ نیز قرآن کی ابدی

Marfat.com

حفاظت کا ذکر بھی ہے۔

۱۶۔ سورہ نحل نحل کا مطلب ہے شہد کی مکھی۔ چونکہ اس سورہ میں شہد کی مکھی کا نمایاں طور پر ذکر کیا گیا ہے۔ اس لئے اس کو سورہ نحل کا نام دیا گیا ہے۔ توحید الٰہی اس سورہ کا مرکزی نقطہ ہے۔

۱۷۔ سورہ بنی اسرائیل اس کا نام اس کی آیت ۴ سے ماخوذ ہے۔ اس کا آغاز معراج کے واقعہ سے ہوتا ہے۔ اس میں تمثیلاً بنی اسرائیل کے فروغ اور دوبارہ کامل تباہی کا تذکرہ ہے۔ نیز قرآن کے آسمانی کتاب ہونے کا مدلل دعویٰ بھی موجود ہے۔

۱۸۔ سورہ کہف اس کا نام پہلے رکوع کی دسویں آیت سے ماخوذ ہے۔ یہ سورہ مشرکین مکہ کے تین سوالوں کے جواب دینے کے لئے نازل کی گئی۔ یہ سوالات اصحاب کہف، قصہ خضر و موسیٰؑ اور قصہ ذوالقرنین کے بارے میں تھے۔

۱۹۔ سورہ مریم اس سورہ میں چونکہ حضرت مریم کا نام آیا ہے۔ اس لئے اسے سورہ مریم کا نام دیا گیا ہے۔ اس میں حضرت یحییٰؑ، حضرت عیسیٰ کے حمل مریم میں آنے۔ پیدا ہونے اور نبی ہونے، حضرت ابراہیمؑ کی ہجرت اور مختلف انبیاء کا ذکر ملتا ہے۔

۲۰۔ سورہ طٰہٰ اس سورہ کا نام اس کے ابتدائی حرف طٰہٰ سے ماخوذ ہے۔ اس میں سورہ مریم کے مضامین کو مکمل صورت میں بیان کیا گیا ہے۔ نیز قرآن پاک سے اعتراض کرنے والوں کی سزا، قیامت، مجرمین کے احوال، قصہ آدم کے بعض پہلو بھی بیان کئے گئے ہیں۔

Marfat.com

۲۱- سورہ انبیاء چونکہ اس سورہ میں انبیاء کرام کا مسلسل ذکر آیا ہے اس لئے اسے یہ نام دیا گیا ہے۔ اس میں توحید، رسالت اور معاد کا ذکر ہے۔ اور بہت سے قدیم انبیائے کرام کی مثالیں دے کر یہ سنت الٰہی بیان کی گئی ہے۔ کہ حق آخر کار باطل پر غالب آجاتا ہے۔

۲۲- سورہ حج اس کا نام اس سورہ کے چوتھے رکوع کی دوسری آیت کا ماخذ ہے اس میں یہ بتایا گیا ہے کہ حق کی فتح یقینی ہے۔ نیز فرضیت حج اور قربانی کا ذکر بھی آیا ہے۔ اس کا خاتمہ صلوٰۃ و زکوٰۃ کے بیان پر ہوتا ہے۔

۲۳- سورہ مومنون اس کا نام اس کی پہلی آیت قد افلح المومنون سے ماخوذ ہے اس میں اخلاقیات، قدرت کی نشانیوں اور صلوٰۃ و زکوٰۃ کی تاکید کا بیان شامل ہے۔

۲۴- سورہ نور اس کا نام پانچویں رکوع کی پہلی آیت سے لیا گیا ہے۔ اس سورہ میں احکام، عمل اور توحید و رسالت پر ایمان لانے کا بیان کیا گیا ہے۔

۲۵- سورہ الفرقان اس سورہ کا نام پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ اس سورہ میں کفارانِ قریش کے اعتراضات کے جوابات اور جنگ بدر میں مخالفین کی قوت کو توڑنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ نیز عربوں کی اس وقت کی حالت کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔

۲۶- سورہ الشعراء اس سورہ میں چونکہ شعراء کا ذکر آیا ہے۔ اس لئے اسے سورہ الشعراء کہتے ہیں۔ اس سورہ میں اللہ تعالیٰ نے حضورؐ سے فرمایا کہ آپ ان لوگوں کے پیچھے اپنی جان کیوں گھلا رہے ہیں جو ایمان نہیں لا رہے۔ اس میں کفار کی زینت کا بھی ذکر آیا ہے۔

Marfat.com

۲۷۔ سورہ النمل

نمل کا مطلب ہے چیونٹی چونکہ اس میں چیونٹیوں کی وادی کا ذکر موجود ہے۔ اس لئے اس کا نام سورہ نمل پڑا۔ اس میں فرعون، ثمود اور قوم لوط کے سرداران، ملکہ سبا، اور حضرت سلیمانؑ کا ذکر آیا ہے۔

۲۸۔ سورہ القصص

لفظ القصص کی نسبت سے سورہ القصص کہلاتی ہے۔ اس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تفصیلی ذکر آیا ہے۔

۲۹۔ سورہ عنکبوت

اس سورہ میں مشرکانہ عقائد اور اسلام کے مخالفین کی سازشوں کو عنکبوت یعنی مکڑی کے جالے سے تشبیہ دی گئی ہے۔ اس لئے اس کا نام عنکبوت پڑا۔ اس میں مومنوں کی تکالیف والدین کی فرمانبرداری، مختلف انبیاء، کفار مصائب سے تنگ آنے اور عارضی تکالیف کا ذکر آیا ہے۔

۳۰۔ سورہ روم

اس میں رومیوں کے مغلوب ہونے اور پھر غالب آنے کا ذکر آیا ہے۔ اس بنا پر اس کا نام روم پڑا۔ مومن اور کافر کے انجام، اسلام کے فطرت انسانی کے قریب ہونے، اسلامی انقلاب کے بارے میں بحث کی گئی ہے۔

۳۱۔ سورہ لقمان

اس سورہ کے دوسرے رکوع میں لقمان حکیم نے اپنے بیٹے کو جو نصیحتیں کی ہیں۔ ان کی بنا پر اس سورہ کا نام لقمان پڑا اس میں والدین کے حقوق، مشرک کی نامعقولیت اور توحید کی صداقت، حضرت لقمان کی حکمت اور دانائی کا ذکر ملتا ہے۔

۳۲۔ سورہ سجدہ

اس سورہ کی آیت ۱۵ میں سجدہ کا مضمون آیا ہے اسی نسبت سے اس کا نام سورہ سجدہ پڑا۔ اس میں دین اسلام کے

Marfat.com

تیسرے بنیادی عقیدے یعنی اللہ تعالیٰ کے رسولوں پر ایمان لانے۔ حضرت لقمان میں علم غیب کی پانچ باتوں، حشر و نشر کے ساتھ انسانی تخلیق کا ذکر ملتا ہے۔

۳۳۔ سورہ احزاب اس کا نام اس سورہ کی بیسویں آیت یحسبون الاحزاب لم یذھبوا سے ماخوذ ہے اس میں قریش اور عرب کے بعض گروہوں کی مدینہ منورہ پر چڑھائی۔ رسول اللہ کے اولیٰ ہونے۔ ازواج مطہرات کے امہات المومنین ہونے، فضائل نکاح کے قوانین اور حفظ عصمت کی تاکید اور پردے وغیرہ کا ذکر آیا ہے۔

۳۴۔ سورہ سبا اس میں ملکہ سبا کا نام آیا ہے۔ اس لئے اسے سورہ سبا کہا جاتا ہے۔ اس سورہ میں توحید و رسالت اور حقیقت قرآن کا بیان ہے۔ نیز کفار کے انکار قیامت کافروں کے استہزاء، قوم سبا کے عیش و آرام وغیرہ کا ذکر بھی آیا ہے۔

۳۵۔ سورہ فاطر اس کا موضوع اس کی پہلی آیت لفظ فاطر ہے۔ اس میں توحید و رسالت اور ابطال شرک کا ذکر آیا ہے۔

۳۶۔ سورہ یٰسٓ اس کا نام اس سورہ کی پہلی آیت سے لیا گیا ہے۔ اس میں قرآن پاک کو حضورؐ کی صداقت پر بطور شہادت پیش کرنے، حضور کے ساتھ تعلق پیدا کرنے والوں کو جزا اور مخالفین کی سزا کا ذکر آیا ہے۔

۳۷۔ سورہ الصافات اس کا نام پہلی آیت کے لفظ والصافات سے ماخوذ ہے اس میں توحید، موحدین اور مشرکین کے انجام۔ پہلے رسولوں اور حضرت اسماعیلؑ کی قربانی کے علاوہ رسول اللہ کے فتح مند ہونے کا ذکر ملتا ہے۔

Marfat.com

۳۸۔ سورہ ص اس کا آغاز چونکہ حرف ص سے ہوتا ہے۔ اس لئے اس نسبت سے یہ سورہ ص کہلاتی ہے۔ یہ سورہ الصافات کا تتمہ ہے۔ اس میں کفار کی ہٹ دھرمی اور انکار توحید و نبوت کا ذکر آیا ہے۔

۳۹۔ سورہ الزمر اس کا نام اس سورہ کی ۱۷ ویں آیت اور تہترویں آیت سے ماخوذ ہے۔ اس میں کفار قریش اور کہیں کہیں اہل ایمان کو مخاطب کیا گیا ہے۔ نیز حضورؐ کی دعوت کا اصل مقصد بھی بیان کیا گیا ہے۔

۴۰۔ سورہ المومن اس کا نام اسی سورہ کی آیت ۲۸ سے ماخوذ ہے۔ اس میں توحید اور تسلیۂ رسول کا بیان آیا ہے۔

۴۱۔ سورہ حٰمٓ السجدہ اس کا نام اس کے آغاز سے حٰمٓ اور آیت سجدہ کی نسبت سے حٰمٓ سجدہ پڑا۔ اس میں توحید و رسالت، تسلیہ رسول اور صبر کا بیان آیا ہے۔

۴۲۔ سورہ الشوریٰ اس کا نام اس کی آیت ۳۸ کے جملے سے ماخوذ ہے اس میں حضور کی نبوت اور انبیائے گذشتہ، قیامت تقسیم رزق، نیکی اور بدی کی جزا، سزا اور منصب رسالت کا ذکر آیا ہے۔

۴۳۔ سورہ الزخرف اس کا نام اس کی ۳۵ ویں آیت کے لفظ "وزخرفا" سے ماخوذ ہے۔ اس میں حضرت موسیٰؑ اور فرعون کی مثال اور مخالفین رسول کا ذکر آیا ہے۔

۴۴۔ سورہ الدخان اس کا نام دسویں آیت سے ماخوذ ہے۔ اس میں قرآن پاک کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تصنیف کردہ کتاب نہیں۔ نیز مجرموں کے انجام کا بیان بھی ہے۔

Marfat.com

۴۵۔ سورہ الجاثیہ اس کا نام اسی سورت کی آیت ۲۸ سے ماخوذ ہے۔ اس میں توحید و آخرت کے متعلق کفار مکہ کے شبہات اور اعتراضات کا جواب دیا گیا ہے۔

۴۶۔ سورہ الاحقاف اس سورہ کا نام اس سورہ کی ۲۱ ویں آیت سے ماخوذ ہے۔ اس سورہ کا موضوع کفار کو ان گمراہیوں کے نتائج سے خبردار کرنا ہے۔ جن میں وہ نہ صرف مبتلا تھے۔ بلکہ بڑے اصرار اور غرور کے ساتھ جمے ہوئے تھے۔

۴۷۔ سورہ محمد اس سورہ کا نام اس کی آیت نمبر ۲ سے ماخوذ ہے۔ اس میں سابقہ سورہ کی تکمیل کی گئی ہے۔

۴۸۔ سورہ الفتح اس کا نام اس کی پہلی آیت کے جملے میں استعمال الفاظ سے ماخوذ ہے۔ اس میں صلح حدیبیہ اور اسلام کے تمام ادیانِ باطلہ پر غلبہ حاصل کرنے کا بیان ہے۔

۴۹۔ سورہ الحجرات اس کا نام اسی سورہ کی چوتھی آیت سے ماخوذ ہے اس سورہ میں اللہ اور اس کے رسولؐ کے معاملہ میں مسلمانوں کو آداب سکھائے گئے ہیں۔ نیز ایمان کے زبانی دعویٰ اس وقت تک کوئی اہمیت نہیں رکھتا جب تک عمل نہ کیا جائے۔

۵۰۔ سورہ قٓ اس سورہ کا آغاز حرف ق سے ہوتا ہے۔ اس لئے اس کا نام سورہ ق پڑا۔ پوری سورہ کا موضوع آخرت ہے۔

۵۱۔ سورہ الذاریات اس کا نام اس کے پہلے لفظ و الذاریات سے ماخوذ ہے اس میں سابقہ سورہ کے موضوع آخرت کی تکمیل کی گئی ہے۔ آخر میں توحید کی دعوت کا ذکر ہے۔

Marfat.com

۵۲۔ سورہ الطور اس سورہ کا نام پہلے ہی لفظ والطور سے ماخوذ ہے۔ اس میں کوہ طور پر حضرت موسیٰؑ کی وحی کا ذکر ملتا ہے۔ نیز حضورؐ کو ہدایت کی گئی کہ وہ مخالفین کی باتوں کی پرواہ کئے بغیر لوگوں کو تبلیغ کرتے رہیں۔

۵۳۔ سورہ النجم اس کا نام اس سورہ کے پہلے ہی لفظ والنجم سے ماخوذ ہے اس سورہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بارے میں آیا ہے کہ وہ جو کچھ پیش کر رہے ہیں وہ خالصتاً وہی ہے جو ان پر نازل کی جاتی ہے۔ نیز کفار مکہ کے عقائد پر تنقید کے علاوہ قوم عاد اور ثمود، قوم نوح اور قوم لوط کی تباہی کا ذکر بھی ملتا ہے۔

۵۴۔ سورہ القمر اس کا نام اس کی پہلی آیت کے جملے وانشق القمر سے ماخوذ ہے۔ اس سورہ میں شق القمر کا واقعہ بیان کیا گیا ہے۔ آخری آیات میں کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو قیامت برپا کرنے کے لئے کسی بڑی تیاری کی ضرورت نہیں بلکہ اس کا حکم ہوتے ہی قیامت آجائے گی۔

۵۵۔ سورہ الرحمٰن اس سورہ کا نام پہلے ہی لفظ کی نسبت سے رکھا گیا ہے۔ اس سورہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنی ان نعمتوں کا ذکر فرمایا ہے جو اس نے انسان کو عطا کی ہیں۔

۵۶۔ سورہ الواقعہ اس سورہ کا نام اس کی پہلی ہی آیت کے لفظ الواقعہ سے ماخوذ ہے۔ اس میں آخرت توحید اور قرآن پاک کے بارے میں کفار مکہ کے شبہات کو دور کیا گیا ہے۔ اس میں قیامت کا بھی ذکر ہے۔

۵۷۔ سورہ الحدید اس کا نام اسی سورہ کی پچیسویں آیت کے جملے وانزلنا الحدید سے ماخوذ ہے۔ اس سورہ میں لوہے (الحدید) کا ذکر کیا گیا ہے نیز مسلمانوں کو اللہ کی راہ میں قربانیاں دینے کے لئے آمادہ کیا گیا ہے۔

Marfat.com

۵۸۔ سورہ المجادلہ اس کا نام اسی سورہ کی پہلی آیت کے لفظ تجادلک سے ماخوذ ہے۔ اس سورہ میں ایک خاتون نے اپنے شوہر کا ظہار کا معاملہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے پیش کیا۔ نیز اس میں مسلمانوں کو مجلس کے آداب اور حقوق العباد بھی بتائے گئے ہیں۔

۵۹۔ سورہ الحشر اس سورہ کی دوسری آیت میں حشر کا لفظ آیا ہے۔ اس کی نسبت سے اس کا یہ نام پڑا۔ اس سورہ میں بنی نضیر کی جلا وطنی کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس لئے اسے سورہ بنی نضیر بھی کہتے ہیں۔ آخری آیات میں تقویٰ اور فسق میں فرق بتایا گیا ہے۔

۶۰۔ سورہ الممتحنہ اس سورہ کی دسویں آیت میں ہجرت کر کے مسلمان ہونے والی عورتوں کا امتحان لینے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اسی لئے اس کا نام الممتحنہ پڑا۔ اس سورہ میں مسلمانوں کو کفار سے دوستی رکھنے اور مشرکین سے نکاح کرنے کی مخالفت کی گئی ہے۔

۶۱۔ سورہ صف اس کا نام اسی سورہ کی چوتھی آیت کے جملے کے ایک لفظ صفاً سے ماخوذ ہے۔

اس سورہ کا اصل مضمون غلبہ دین اسلام ہے۔ آخری آیت میں مومنین کو خطاب کیا گیا ہے۔

۶۲۔ سورہ الجمعہ اس میں مسلمانوں کے لئے جمعہ کے احکامات بیان کئے گئے ہیں۔

۶۳۔ سورہ المنافقون اس کا نام پہلی آیت کے جملے کے ایک لفظ سے ماخوذ ہے۔ اس میں منافقین کا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے قسمیں کھانے کا ذکر ملتا ہے۔ کہ یقیناً آپ ہی اللہ کے

Marfat.com

رسول ہیں۔ مومنوں کو کہا گیا ہے کہ وہ مال اور اولاد کے باعث خدا کے بارے غافل نہ ہو جائیں۔

۶۴۔ سورہ تغابن

اس کا نام اسی سورہ کی آیت ۹ کے جملے ذلک یوم التغابن سے ماخوذ ہے۔ اس میں خدا کی بادشاہت کے ذکر کے علاوہ ہر چیز کے بارے میں کہا گیا ہے کہ وہ اس کی تسبیح کر رہی ہے۔

۶۵۔ سورہ الطلاق

چونکہ اس سورہ میں طلاق کے احکام بیان کئے گئے ہیں۔ اس لئے اسے سورہ الطلاق کہتے ہیں۔

۶۶۔ سورہ التحریمہ

اس کا نام پہلی آیت کے الفاظ تحرّم سے ماخوذ ہے۔ اس میں کہا گیا ہے اے نبیؐ تم کیوں اس چیز کو حرام کرتے ہو جو منشاء الٰہی سے مطابقت نہ رکھتی ہو۔ نیز ہر شخص کے لئے وہی کچھ ہے۔ جس کا وہ اپنے اعمال کے اعتبار سے مستحق ہے۔

۶۷۔ سورہ الملک

اس کا نام پہلی آیت کے جملے تبارک الذی بیدہ الملک سے ماخوذ ہے۔ اس سورہ میں حقوق توحید بیان کئے گئے ہیں۔

۶۸۔ سورہ القلم

اس کا نام سورہ کے آغاز میں استعمال کئے گئے لفظ القلم کے نام پر پڑا۔ اس سورہ میں حضور پر کئے گئے اعتراضات کا جواب۔ مخالفین کو تنبیہ اور نصیحت اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو صبر کی تلقین کی گئی ہے۔

۶۹۔ سورہ الحاقہ

اس کا نام لفظ الحاقہ کو بنیاد بنا کر رکھا گیا ہے اس میں قیامت کے آنے اور اس کے منکرین کو خدا کے عذاب کا مستحق قرار دیا گیا ہے۔ نیز قرآن پاک کے بارے میں کہا گیا ہے کہ یہ کسی شاعر

Marfat.com

اور ساحر کا کلام نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔

۷۰۔ سورہ معارج

اس کا نام آیت ۳ کے الفاظ ذی المعارج سے لیا گیا ہے۔ اس میں مومنوں کو تزکیۂ نفس کی بنا پر بلند درجات دینے کے ذکر کے علاوہ کفار کو حضورؐ کا مذاق اڑانے اور تکالیف پہنچانے کے بارے میں ذکر کیا گیا ہے۔ کہ اگر وہ ان حرکات سے باز نہ آئے تو اللہ تعالیٰ ان کی جگہ ایک اور قوم لے آئے گا جو فرمانبردار ہوگی۔

۷۱۔ سورہ نوح

اس سورہ کے مضامین کا عنوان نوح ہے۔ اس نسبت سے اس کا نام نوح پڑا۔ اس میں اول تا آخر حضرت نوح ؑ کا قصہ بیان کیا گیا ہے۔

۷۲۔ سورہ جن

اس سورہ میں جنوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس لئے اس کا نام سورہ جن پڑا۔

۷۳۔ سورہ المزمل

اس سورہ کی پہلی آیت کے لفظ المزمل کو اس کے نام کی بنیاد بنایا گیا ہے۔ اس سورہ میں اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدایت فرمائی ہے کہ آپ راتوں کو اٹھ کر اللہ کی عبادت کیا کریں۔ نماز تہجد کا بھی ذکر آیا ہے۔

۷۴۔ سورہ المدثر

اس سورہ کی پہلی آیت کے لفظ المدثر کو اس کا نام قرار دیا گیا ہے۔ اس میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنے رب کی بڑائی بیان کرنے کو کہا گیا ہے۔ آخر میں قرآن کے بارے میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ وہ تو ایک نصیحت ہے۔

۷۵۔ سورہ القیمۃ

اس کا نام اس کی پہلی آیت میں استعمال لفظ القیمۃ کی نسبت سے رکھا گیا ہے۔ اس میں قیامت کے

Marfat.com

ذکر کے علاوہ منکرین آخرت کے اعتراضات کے جوابات دیئے گئے ہیں۔

۷۶۔ سورہ الدھر یہ نام پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ اسے سورہ الانسان بھی کہتے ہیں۔ اس میں بھی قیامت کا ذکر آیا ہے۔

۷۷۔ سورہ المرسلات اس کا نام پہلی آیت کے لفظ والمرسلٰت سے ماخوذ ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ قیامت ضرور آئے گی۔ نیز اس چند روزہ زندگی سے منکرین آخرت جتنا مزا لینا چاہیں لے لیں بالآخر انہیں عذاب دیا جائے گا۔

۷۸۔ سورہ النبأ اس سورہ کی دوسری آیت میں نبا کا لفظ آیا ہے۔ جس کا مطلب ہے حالات، واقعات اور سرگزشت۔ اس سورہ میں انسانوں کے اچھے اور برے افعال کے انجام کی تصویر پیش کی گئی۔ نیز قیامت کا بیان بھی کیا گیا ہے۔

۷۹۔ سورہ النٰزعٰت اس سورہ کا پہلا لفظ والنازعات ہے اس بنا پر اس کا نام النٰزعٰت پڑا۔ اس کا اصل مضمون آخرت کی جواب دہی سے ڈرانا اور اس ہمیشہ رہنے والی زندگی کی طرف انسان کو متوجہ کرنا ہے۔ قرآن کی دعوت کی بنیاد اسی آخرت کے یقین پر ہے۔

۸۰۔ سورہ عبس اس کا نام اس کے پہلے لفظ سے ماخوذ ہے۔ اس سورہ میں دعوت اسلامی کی مخالفت کرنے والوں کو تنبیہ کی گئی ہے۔ نیز قرآن پاک کی بزرگی اور بڑائی بیان کی گئی ہے۔ اللہ تعالےٰ نے اپنی نعمتوں اور اپنی قدرت کا بیان بھی فرمایا ہے۔

۸۱۔ سورہ التکویر اس کا نام اس کی پہلی آیت کے لفظ کُوِّرَتْ سے ماخوذ ہے اس سورہ کا مرکزی مضمون آخرت پر ایمان لانے کی

Marfat.com

دعوت دینا ہے۔

۸۲- سورہ انفطار اس کا نام اس کی پہلی آیت کے لفظ انفطرت سے ماخوذ ہے۔ اس میں روز قیامت کا بیان ہے۔ نیز تعجب کا اظہار کیا گیا ہے کہ وہ کون سی چیز ہے جو انسان کو اپنے پروردگار کی طرف سے غافل بنارہی ہے۔

۸۳- سورہ المطففین اس کا نام پہلی آیت وَیْلٌ للمطففین سے ماخوذ ہے۔ آخرت میں جزا کا ملنا اس سورت کا مرکزی مضمون ہے۔ نیز حقوق العباد کا ذکر بھی ہے۔

۸۴- سورہ الانشقاق اس کا نام اس سورہ کی پہلی آیت کے لفظ انشقت سے ماخوذ ہے۔ جس کا مطلب ہے پھٹ جانا۔ اس میں مظاہر فطرت میں تغیر سے قیامت تک اور انسان کے چار و ناچار دوسرے عالم تک پہنچنے کا ذکر ملتا ہے۔

۸۵- سورہ البروج اس میں بظاہر یمن کے متعصب یہودی بادشاہ ذونواس کے مظالم کا ذکر ہے۔ جو اس نے نجران کے عیسائیوں پر توڑے۔ اسی طرح فرعون اور ثمود کی مثالیں دے کر تنبیہ کی گئی ہے۔ کہ ظلم و ستم اور حق سے سرکشی کا انجام تباہی اور عذاب آخرت ہے۔

۸۶- سورہ الطارق اس کا نام اس مناسبت سے رکھا گیا ہے کہ اس کی پہلی ہی آیت میں طارق کا لفظ آیا ہے۔ اس سورہ کا مرکزی مضمون قیامت ہے۔

۸۷- سورہ الاعلیٰ اس کا نام اس کی پہلی آیت کے لفظ الاعلیٰ سے ماخوذ ہے۔ اس میں انسان کی تخلیق جسمانی ترکیب کے ساتھ روحانی

Marfat.com

ارتقا کا ذکر آیا ہے۔ سابقہ آسمانی صحیفوں میں حضرت ابراہیمؑ اور حضرت موسیٰؑ کے صحیفے مذکور ہیں۔

۸۸۔ سورہ الغاشیہ اس کا نام پہلی آیت کے لفظ الغاشیہ سے لیا گیا ہے۔

اس سورہ کا مرکزی مضمون یہ ہے کہ آخرت ضرور آئے گی۔ اور ہر شخص کو وہی کچھ ملے گا۔ جو اس نے دنیا میں کمایا ہو گا۔

۸۹۔ سورہ الفجر پہلے ہی لفظ والفجر کو اس کا نام قرار دیا گیا ہے۔ اس کی ابتدا چند قسموں سے ہوتی ہے۔ اور اس کا اصل موضوع آخرت ہے۔

۹۰۔ سورہ البلد اس کا نام پہلی آیت کے لفظ سے ماخوذ ہے۔ اس میں یتیم اور مسکین کی خدمت۔ غلاموں کی آزادی، صبر و ہمدردی کی تلقین اچھا اور برا بدلہ دینے کا ذکر آیا ہے۔

۹۱۔ سورہ الشمس اس کا نام اس سورہ کی پہلی آیت والشمس وضحٰھا سے ماخوذ ہے۔ اس کی ابتدا قسموں سے ہوتی ہے۔ اس میں توحید اور آخرت کی پوری دعوت اور منکرین کے انجام سے آگاہ کیا گیا ہے۔

۹۲۔ سورہ الیل اس کا نام اس کی پہلی آیت کے پہلے لفظ والیل کی نسبت سے رکھا گیا ہے۔ اس سورہ کا اصل مضمون انفاق ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے مال کو اللہ ہی کی راہ میں خرچ کرنا۔ اس کی ابتدا بھی قسموں سے ہوتی ہے۔

۹۳۔ سورہ والضحیٰ اس سورہ میں اللہ تعالیٰ نے ضحیٰ کی قسم کھائی ہے۔ جس کے معنی ہیں آفتاب بلند ہونے کا وقت اسی بنا پر اسے

Marfat.com

یہ نام دیا گیا ہے۔

اس سورہ میں بتایا گیا ہے کہ حضورؐ نے کفار مکہ سے وعدہ کرنے کے بعد انشاءاللہ نہ کہا۔ اس لئے وحی بند کر دی گئی۔

۹۴۔ سورہ النشراح | اس کا نام پہلے ہی لفظ الم نشرح سے ماخوذ ہے۔ اس سورہ میں اللہ تعالٰی نے اپنے پیغمبر کی تسکین کی خاطر کے لئے ان نعمتوں کا شمار کیا ہے۔ جو آنحضرت صلعم کو دی گئی ہیں اور فرمایا کہ انسان کو ہر دشواری کے بعد راحت اور آسائش ملتی ہے۔

۹۵۔ سورہ التین | پہلے ہی لفظ والتین کو اس کا نام قرار دیا گیا ہے۔ اس سورہ میں یہ ثابت کیا گیا ہے کہ ایک دن ایسا آئے گا جب اس کے اچھے اور برے کاموں کا بدلہ دیا جائے گا۔

۹۶۔ سورہ علق | اس سورہ کا نام اس کی دوسری آیت کے فقرے خَلَقَ الانسان من علق سے ماخوذ ہے۔ اس کی پہلی آیت قرآن پاک کی بہ سلسلہ نزول پہلی آیت ہے۔ جس میں حضورؐ سے کہا گیا ہے کہ پڑھیے اپنے رب کے نام سے۔

۹۷۔ سورہ القدر | اس کا نام اس سورہ کی پہلی آیت کے جملے اِنَّا اَنزَلنٰہُ فِی لَیلَۃِ القدر سے ماخوذ ہے۔ اس سورہ میں نزول قرآن کے بارے میں کہا گیا ہے کہ ہم نے اسے لیلۃ القدر کو اتارا۔ نیز یہ رات انسانوں کے لئے سراسر سلامتی کی رات ہے۔

۹۸۔ سورہ البینۃ | اس کا نام پہلی آیت کے لفظ البینۃ سے ماخوذ ہے۔ اس میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لائی ہوئی شریعت کو روشن دلیل کہا گیا ہے۔ اور لوگوں کو نماز پڑھنے زکوٰۃ دینے اور نیک کام

Marfat.com

کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

۹۹۔ سورہ زلزال اس کا نام پہلی آیت کے زلزالھا سے ماخوذ ہے۔ اس میں قیامت کے مناظر بیان کرنے کے علاوہ شدید زلزلے کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔

۱۰۰۔ سورہ العٰدیٰت اس کا نام بھی پہلے ہی لفظ والعٰدیٰت سے ماخوذ ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ اس زندگی کے بعد ایک اور زندگی بھی ہے جہاں انسان کو اپنے آقا کے سامنے جواب دہ ہونا ہوگا جس سے کوئی بات ڈھکی چھپی نہیں ہے۔

۱۰۱۔ سورہ القارعہ اس سورہ میں لفظ القارعہ تین مرتبہ آیا ہے۔ اسی نسبت سے اس کا نام القارعہ پڑا۔ اس میں قیامت کا ایسا نقشہ پیش کیا گیا ہے کہ انسان اس خوفناک گھڑی کی ہولناکی کا اندازہ کر سکے جسے ضرور آنا ہے۔

۱۰۲۔ سورہ التکاثر اس کا نام اس کی پہلی آیت کے جملے اَلْھٰکُمُ التکاثر سے ماخوذ ہے۔ اس سورہ میں اللہ تعالیٰ نے اس فریب کا پردہ چاک کیا۔ جس میں انسان عام طور پر مبتلا ہو کر اپنے مالک و خالق کو بھول جاتا ہے۔

۱۰۳۔ سورہ العصر پہلی آیت کے لفظ والعصر کو اس سورہ کا نام قرار دیا گیا ہے۔ اس میں انسان کی پیدائش کا اصل مقصد یعنی (عبادت) بیان کیا گیا ہے۔ نیز صبر کے ساتھ اپنے نفس کی اصلاح کرنے پر بھی زور دیا گیا ہے۔

Marfat.com

۱۰۴۔ سورہ الھمزہ

اس کے نام کے لئے پہلی آیت کے لفظ ہمزہ کو بنیاد بنایا گیا ہے۔ اس سورہ میں کہا گیا ہے کہ طعنہ دینے والوں اور عیب تلاش کرنے والوں کے لئے بڑی خرابی ہے۔ نیز نافرمانوں کے لئے دردناک عذاب کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔

۱۰۵۔ سورہ الفیل

اس سورہ کا نام پہلی ہی آیت کے لفظ اصحاب الفیل سے ماخوذ ہے۔ اس میں ان ہاتھی والوں کا ذکر ہے جو ہاتھی لے کر خانہ کعبہ کی عمارت کو مسمار کرنے آئے تھے۔ نیز کافروں اور منکروں کے لئے عبرت کا مقام ہے اور مومنوں کے ایمان کو جلا بخشنے کا سامان بھی۔

۱۰۶۔ سورہ القریش

پہلی ہی آیت کے لفظ قریش کو اس کے نام کی بنیاد بنایا گیا ہے۔ اس سورہ میں اللہ تعالیٰ اپنے اس عظیم احسان کو یاد دلا رہا ہے۔ جو انسانوں پر نعمتوں کی صورتوں میں کیا گیا ہے۔

۱۰۷۔ سورہ الماعون

اس کا نام اس سورہ کی آخری آیت کے جملے ویمنعون الماعون سے ماخوذ ہے۔ اس سورہ میں ان لوگوں کا نقشہ پیش کیا گیا ہے جن کی زندگیوں میں اگرچہ مذہبی رسومات پائی جاتی تھیں لیکن ان کا اصل کردار خدا پرستی سے بہت دور تھا۔ اور ان کی عبادت پر بھی کھیل کود اور تفریح کا رنگ چھایا ہوا تھا۔

۱۰۸۔ سورہ الکوثر

اس کا نام اس سورہ کی پہلی آیت کے جملے انا اعطینک الکوثر سے ماخوذ ہے۔ اس سورہ میں اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مرتبہ کی بلندی کو ظاہر فرمایا ہے۔ اور دشمنان اسلام پر واضح کر دیا ہے کہ دین اسلام حق ہے۔ اور حق ہی ہمیشہ

Marfat.com

غالب رہا ہے۔

۱۰۹۔ سورہ الکافرون اس کا نام اس کی پہلی آیت قل یا یھا الکافرون سے ماخوذ ہے۔ اس میں مسلمانوں اور کافروں کے درمیان مکمل صلح کا تذکرہ ہے اور یہ واضح کر دیا گیا ہے کہ کفر و اسلام میں کبھی صلح نہیں ہو سکتی۔

۱۱۰۔ سورہ النصر اس کا نام اس کی پہلی آیت اذا جاء نصر اللہ والفتح سے ماخوذ ہے۔ اس میں فتح مکہ کا ذکر کیا گیا ہے۔ نیز یہ بھی کہا گیا ہے کہ دنیا میں وہی لوگ کامیاب ہو سکتے ہیں جو خدا کا حکم مانتے ہیں۔

۱۱۱۔ سورہ اللھب اس کا نام پہلی آیت کے جملے تبت یدا ابی لہب وّ تبّ سے ماخوذ ہے۔ اس سورہ کے مطالعہ کے بعد جو نتیجہ اخذ کیا جاتا ہے اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اسلام عقیدہ اور عمل کا نام ہے اور اللہ کے حکم کی نافرمانی کرنے والوں کے لئے دونوں جہانوں میں گھاٹا ہی گھاٹا ہے اور مشرکین بڑے ہی خسارے میں ہیں

۱۱۲۔ سورہ اخلاص اس سورہ میں اللہ تعالیٰ کی ان صفات کی تعلیم دی گئی ہے جو اخلاص کی بنیاد ہیں۔ اسی لئے اس کا نام اخلاص رکھا گیا ہے۔

اس میں اللہ کی وحدانیت کو تمام حشو و زوائد سے پاک صاف کر کے نہایت بلیغ اور مؤثر پیرائے میں پیش کیا گیا ہے۔

۱۱۳۔ سورہ فلق چونکہ اس سورہ میں اللہ تعالیٰ کی اس صفت کا ذکر خصوصی طور پر کیا گیا ہے، جس کا تعلق نور سے ہے۔ اسی بنا پر اس کا نام فلق پڑا۔ اس سورہ میں چار قسم کے شر سے پناہ مانگنے کا ذکر آیا ہے۔

Marfat.com

۱۱۴۔ سورہ الناس | اسے الناس اس لئے کہا جاتا ہے کہ اس میں خصوصیت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی صفات بیان کی گئی ہیں۔ اس سورہ میں شیطان کے شر سے پناہ مانگنے کے لئے اللہ تعالیٰ کے تین نام رب، ملک، الہ لئے گئے ہیں۔

سورتوں کے مخصوص نام

س:۔ سورہ اخلاص کو "ثلث قرآن" بھی کہا جاتا ہے بتائیے عروس القرآن کس سورہ کو کہتے ہیں؟ ج:۔ سورہ الرحمٰن کو۔

س:۔ "سورہ صلوٰۃ" اور "سورہ شکر" کس سورہ کے نام ہیں۔

ج:۔ سورہ الفاتحہ کے

س:۔ کس سورہ کو "سورہ براۃ" کہا جاتا ہے؟ ج:۔ سورہ توبہ کو۔

س:۔ "فسباط القرآن" کس سورہ کا دوسرا نام ہے؟ ج:۔ سورہ بقرہ کا۔

س:۔ "سورہ الاساس" کس سورہ کو کہتے ہیں؟

ج:۔ سورہ فاتحہ کو کیونکہ یہ سارے قرآن پاک کی بنیاد ہے۔

س:۔ "باب القرآن" قرآن پاک کی کس سورہ کو کہتے ہیں؟ ج:۔ سورہ فاتحہ کو۔

س:۔ سورہ یٰسٓ کو قلب القرآن کہا جاتا ہے۔ بتائیے سورہ الرحمٰن کو کیا کہتے ہیں؟

ج:۔ "زینت القرآن" یا عروس القرآن۔

س:۔ ام الکتاب کس سورہ کا نام ہے؟ ج:۔ سورہ فاتحہ کا۔

س:۔ دیباچۂ قرآن کس سورہ کو کہا جاتا ہے؟ ج:۔ سورہ فاتحہ کو۔

Marfat.com

س :۔ سورہ الاحبار کا دوسرا نام کیا ہے؟ ج :۔ سورہ مائدہ ۔
س :۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے سورہ فاتحہ کا کیا نام رکھا تھا۔
ج :۔ فاتحۃ الکتاب (کیونکہ قرآن حکیم کا افتتاح اسی سے ہوتا ہے ۔)
س :۔ سورہ الغنی کس سورہ کو کہا جاتا ہے؟ ج :۔ سورہ واقعہ کو۔
س :۔ سورہ السبع ثانی کس سورہ کو کہتے ہیں؟
ج :۔ سورہ فاتحہ کو (کیونکہ اس میں سات آیات ہیں)
س :۔ معوذتین قرآن پاک کی کون کون سی سورتیں ہیں؟
ج :۔ سورہ الفلق اور سورہ الناس ۔
س :۔ سورہ والضحیٰ کو سورہ والضحیٰ کیوں کہا جاتا ہے؟
ج :۔ اس لئے کہ اس میں اللہ تعالیٰ نے ضحیٰ کی قسم کھائی ہے ۔ جس کا مطلب ہے آفتاب بلند ہونے کا وقت ۔
س :۔ سورہ فاتحہ کا نام وافیہ بھی ہے ۔ بتائیے یہ نام کیوں رکھا گیا ہے؟
ج :۔ اس لئے کہ یہ ہر رکعت میں پڑھی جاتی ہے ۔
س :۔ سورہ فاتحہ کا ایک نام الشفا بھی ہے ۔ اس کے بارے میں حضور صلعم کا ارشاد گرامی کیا ہے؟
ج :۔ فاتحۃ الکتاب موت کے سوا ہر بیماری کا علاج ہے ۔ اسی لئے اس کا نام الشفا بھی ہے ۔
س :۔ سنام القرآن قرآن پاک کی کس سورہ کا دوسرا نام ہے؟
ج :۔ سورہ بقرہ کا ۔
س :۔ سورہ الدھر کا القابی نام کیا ہے ۔ ج :۔ ہل اتیٰ
س :۔ کیا یہ درست ہے کہ سورہ اخلاص کو سورہ توحید بھی کہتے ہیں؟

Marfat.com

ج :۔ جی ہاں ۔

س :۔ سورہ سجدہ کا دوسرا نام کیا ہے ؟

ج :۔ سجدہ لقمٰن ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس سورہ کا اس سے پہلی سورہ لقمٰن کے ساتھ تعلق بتایا جاتا ہے ۔

س :۔ سورہ فاطر کو سورہ الملائکہ بھی کہتے ہیں بتائیے یہ نام سورہ فاطر کی کون سی آیت میں آیا ہے ۔ ج :۔ پہلی آیت میں ۔

س :۔ کون سی سورتیں ذوات حٰمٓ کہلاتی ہیں ۔

ج :۔ سورہ المومن، سورہ فصلت، سورہ الشوریٰ، سورہ الزخرف، سورہ الدخان ۔ سورہ الجاثیہ، اور سورہ الاحقاف ۔

س :۔ قرآن پاک کی ایک سورہ کو حمعسق اور عسق بھی کہتے ہیں ۔ بتائیے اس کا اصل نام کیا ہے ۔ ج :۔ سورہ شوریٰ ۔

س :۔ کس سورہ کو سورہ بنی نضیر بھی کہا جاتا ہے ۔ ج :۔ سورہ الحشر کو ۔

س :۔ حضرت عبداللہ بن مسعود نے کس سورہ کو سورہ النساء القصریٰ کہا ہے ۔

ج :۔ سورہ الطلاق کو ۔

آیات

س :۔ کیا آپ لفظ "آیت" کا لغوی مطلب بتا سکتے ہیں ؟

ج :۔ نشان، عبرت، پند و نصیحت ۔

س :۔ کیا آپ قرآن پاک کی کل آیات کی تعداد بتلا سکتے ہیں ؟

Marfat.com

ج:۔ جی ہاں۔ ان کی تعداد ۶۶۶۶ ہے۔

س:۔ یہ بتائیے کہ قرآن پاک کی نازل ہونے والی سب سے پہلی آیت کون سی تھی۔ ج:۔ اقرا باسم ربك الذی خلق

س:۔ قرآن پاک کی سب سے آخر میں نازل ہونے والی آیت کے الفاظ کیا ہیں۔

ج:۔ الیوم اکملت لکم دینکم (نزول ۱۰ ہجری شام بروز جمعہ)

س:۔ ترتیب کے اعتبار سے سورہ الفاتحہ قرآن پاک کی پہلی سورہ ہے بتائیے اس میں کتنی آیات ہیں؟ ج:۔ سات

س:۔ قرآن پاک میں کتنی قسم کی آیات ہیں؟

ج:۔ دو۔ محکم اور متشابہ

س:۔ آیت الکرسی کس پارے کا حصہ ہے؟

ج:۔ تیسرے پارے کا۔

س:۔ جہاں آیت ختم ہوتی ہے۔ وہاں دائرہ لگا ہوتا ہے۔ بتائیے یہ دائرہ کس نے مقرر کیا تھا؟ ج:۔ حضرت ابوالاسود تابعی نے۔

س:۔ حفاظت خود اختیاری کے لئے دشمن کا مقابلہ کرنے کے لئے قتال کا حکم سورہ حج کی کس آیت میں دیا گیا ہے۔ ج:۔ ۳۹ ویں میں۔

س:۔ بتائیے قرآن پاک کی کس سورہ کی آیات کی تعداد ۲۸۶ ہے۔

ج:۔ سورہ البقرہ کی۔

س:۔ قرآن پاک کی کونسی پانچ آیات بتلائیں جن میں اللہ تعالیٰ کو سارے جہاں کا خالق بتلایا گیا ہے؟

ج:۔ البقرہ آیت ۲۹۔ الانعام آیت ۱، الانبیاء آیت ۳۴۔ المومنون آیت ۱۳تا۱۴، النور آیت ۴۵۔

Marfat.com

س :۔ قُل فَمَن یَملِكُ تا شیئاً کس سورہ کی آیت ہے ؟

ج :۔ سورہ المائدہ آیت ۱۷ ۔

س :۔ سورہ آل عمران کی ۲۶ ویں آیت میں کیا بیان کیا گیا ہے ؟

ج :۔ تو کہہ اے اللہ بادشاہی کے مالک جسے تو چاہتا ہے سلطنت دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے چھین لیتا ہے ۔ جسے تو چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور جسے تو چاہے ذلیل کرتا ہے ۔ سب خوبی تیرے ہاتھ میں ہے ۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے ۔

س :۔ سورہ البقرہ کی آیت ۱۶۳ میں کیا ارشاد ہے ؟

ج :۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ۔

س :۔ بتائیے سورہ یٰسٓ میں آیات کی تعداد کتنی ہے ۔ ج :۔ ۸۳ ۔

س :۔ آیت اضطرار قرآن پاک کی کون سی آیت ہے ؟

ج :۔ سورہ البقرہ کی ۱۷۳ ویں آیت ۔

س :۔ بتائیے قرآن پاک کی کون سی آیت کو سردار الآیات کہا جاتا ہے ؟

ج :۔ آیت الکرسی ۔

س :۔ اتہلکنا بما فعل السفہاء منا کی آیت کس سورہ کی ہے ؟

ج :۔ سورہ اعراف کی ۔ اس کا ترجمہ ہے اے میرے مالک کیا تو ہمیں ہم میں سے چند بے وقوفوں کی غلطیوں کی وجہ سے تباہ کر دے گا ۔

س :۔ عالم اور جاہل کیسے برابر ہو سکتے ہیں ۔ بتائیے کس سورہ کی آیت کے الفاظ ہیں ۔ ج :۔ سورہ زمر کی ۔

س :۔ بتائیے جب حضرت یونسؑ مچھلی کے پیٹ میں تھے تو وہ کونسی مشہور آیت پڑھتے تھے ۔ ج :۔ آیت کریمہ ۔

Marfat.com

س :۔ حد سے نہ بڑھنے کا ذکر سورہ بقرہ کی کس آیت میں آیا ہے ۔ ج :۔ ۱۹۰ میں

س :۔ پس جس نے تم پر زیادتی کی ہے ۔ تم بھی اس پر اتنی زیادتی کر سکتے ہو جتنی زیادتی تم پر کی گئی ہے ۔ بتائیے یہ الفاظ سورہ بقرہ کی کس آیت کے ہیں؟

ج :۔ آیت ۱۹۴ کے ۔

س :۔ یہ بتائیے کہ سورہ محمد کی کس آیت میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے پیش کردہ تعلیم و ہدایت کو نہ ماننے کو کفر کہا گیا ہے؟ ج :۔ آیت ایک میں ۔

س :۔ یہ بتایئے کہ اللہ کے دین کی مدد نہ کرنے کے فعل کو کس سورہ کی کون سی آیت میں کفر قرار دیا گیا ہے؟ ج :۔ سورہ محمد کی آیت ۸ میں ۔

س :۔ بتائیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اللہ تعالیٰ نے سورہ مدثر کی کس آیت میں ارشاد فرمایا کہ اے نبیؐ اپنے کپڑے پاک رکھیے؟ ج :۔ آیت ۱۴ ۔

س :۔ اللہ پاک صاف رہنے والوں کو چاہتا ہے اور ان سے محبت کرتا ہے بتائیے یہ سورہ توبہ کی کس آیت کا ترجمہ ہے ۔ ج :۔ ۱۰۸ کا ۔

س :۔ بتائیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق عالیہ کے بارے میں سورہ القلم کی کس آیت میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تم میں بہترین وہ ہے جس کا اخلاق اچھا ہے ۔ ج :۔ آیت ۴ ۔

س :۔ اہلِ کوفہ کے مطابق قرآنی آیات کی تعداد ۶۲۳۹ ہے ۔ شامی آیات کی تعداد بتلائیے ۔ ج :۔ ۶۲۵۰ ۔

س :۔ کیا آپ اہل عراق کے مطابق قرآن پاک کی آیات بتلا سکتے ہیں؟

ج :۔ جی ہاں ۶۲۱۴ ۔

س :۔ قرآن پاک میں ۶۶۶۶ آیات ہیں ۔ بتائیے موضوع وار ان کی تعداد کتنی ہے ۔

ج :۔ ۱ ۔ آیات وعدہ ۱۰۰۰ ۲ ۔ آیات وعید ۱۰۰۰

Marfat.com

۳- آیاتِ امر	۱۰۰۰	۴- آیاتِ نہی	۱۰۰۰
۵- آیاتِ قصص	۱۰۰۰	۶- آیاتِ امثال	۱۰۰۰
۷- آیاتِ تحلیل	۲۵۰	۸- آیاتِ تحریمیہ	۲۵۰
۹- آیاتِ تسبیح	۱۰۰	۱۰- آیاتِ متفرقہ	۶۶

س :۔ سورہ بقرہ کے بعد سب سے زیادہ آیات کس سورہ میں ہیں؟

ج :۔ سورہ الشعراء میں تعداد (۲۲۷)

س :۔ قرآن پاک میں وجود آیات سے کیا مراد ہے؟ ج :۔ معجزے۔

س :۔ بتائیے چار قل میں کتنی آیات ہیں؟ ج :۔ ۲۱

س :۔ بتائیے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سورہ بقرہ کی آخری تین آیات کس موقع پر براہ راست نازل ہوئیں؟ ج :۔ شب معراج کے موقع پر

س :۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال سے کتنے روز پہلے سورہ توبہ کی آخری آیات نازل ہوئیں؟ ج :۔ نو روز قبل۔

س :۔ عددی اعتبار سے یہ کس سورہ کی آیت کے الفاظ ہیں۔ اور وہ جو جھوٹی گواہی نہیں دیتے۔ ج :۔ سورہ الفرقان آیت ۲۷ کے۔

س :۔ سورہ البقرہ کی ۴۲ ویں آیت میں کیا کہا گیا ہے؟

ج :۔ حق کو باطل کے ساتھ گڈمڈ نہ کرو اور سچ کو جان بوجھ کر نہ چھپاؤ۔

س :۔ بتائیے سورہ والضحیٰ میں کتنی آیات ہیں؟ ج :۔ گیارہ۔

س :۔ سورہ الم نشرح کا نام اس کی کس آیت سے ماخوذ ہے؟

ج :۔ پہلی آیت سے۔

س :۔ کیا آپ قرآن پاک کی آیات الحفظ (حفاظت کرنے والی آیات) کے نام بتا سکتے ہیں؟

Marfat.com

ج :- جی ہاں - سورہ لبقرہ آیۃ الکرسی آیت ۲۵۵ - وَلا یؤدہٗ حفظہما وھوالعلی العظیم - ترجمہ :- اور وہ اللہ بہت بلند عظمت والا ہے - سورہ یوسف آیت ۶۴ - ترجمہ :- اللہ ہی بہتر نگہبان ہے - اور وہ سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے - سورہ الرعد آیت ۱۱ ترجمہ جو اُسے اللہ کے حکم سے محفوظ کر لیتے ہیں، سورہ الحجر آیت ۱۷ ترجمہ اور اسے ہر شیطان رجم سے محفوظ کیا - سورہ الصفات آیت ۷ - ترجمہ :- اور ہر سرکش شیطان سے ان کی حفاظت کی -

س :- قرآن پاک کی طویل ترین آیت کونسی ہے اور اس کا نام کیا ہے ؟

ج :- سورہ البقر آیت ۲۵۵ نام آیت الکرسی -

س :- آیت الفتح کس سورہ کی کون سی آیت ہے ؟

ج :- سورہ الانعام ۵۹ ویں آیت -

منازلِ قرآن پاک

س :- بتائیے قرآن پاک کی پہلی منزل کا آغاز کس سورہ سے ہوتا ہے - اور یہ کس سورہ پر ختم ہوتی ہے ؟ ج :- سورہ فاتحہ سے سورہ نساء تک -

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ قرآن پاک میں کل کتنی منازل ہیں ؟

ج :- جی ہاں، صرف سات -

س :- یہ بتائیے کس منزل میں سب سے زیادہ سورتیں اور رکوع ہیں -

ج :- ساتویں منزل میں - ۶۵ (سورہ ق تا والناس) رکوع ۱۰۵ -

س :- اس منزل کا نام بتائیے جس کی ابتدا ایک پیغمبر کے نام سے ہوتی ہے -

Marfat.com

ج :- یہ تیسری منزل ہے ۔ جو سورہ یونس سے شروع ہوتی ہے ۔ اور سورہ نحل پر ختم ہوتی ہے ۔

س :- بتائیے قرآن حکیم کی دوسری منزل کی ابتدا کس سورہ سے ہوتی ہے ؟ اور یہ کس سورہ پر ختم ہوتی ہے ۔ نیز اس میں کتنی سورتیں ، رکوع اور آیات ہیں ۔ ج :- سورہ مائدہ (ابتداء) سورہ توبہ (انتہا) ، سورتیں ۵ رکوع ۸۶ ۔ اور آیات ۶۹۵ ۔

س :- قرآن حکیم کی اس منزل کا نمبر بتائیے جس کی ابتداء معراج النبی صلعم کے واقع سے ہوتی ہے ۔ اور جو عبودیت کے انکار پر ختم ہوتی ہے ؟

ج :- چوتھی منزل یہ سورہ بنی اسرائیل سے شروع ہوتی ہے ۔ اور سورہ فرقان پر ختم ہوتی ہے ۔ اس میں ۹ سورتیں ، ۶۷ رکوع اور ۹۰۳ آیات ہیں ۔

س :- بتائیے قرآن حکیم کی پانچویں (سورہ شعراء سورہ یٰسٓ) اور ساتویں ۔ (سورہ ق تا والناس) کے درمیان چھٹی منزل کی ابتدا کس سورہ سے ہوتی ہے ۔ اور کس سورہ پر ختم ہوتی ہے ؟

ج :- والصّٰفّٰت سے حجرات ، اس میں ۱۲ سورتیں ۔ ۶۶ رکوع اور ۸۴۲ آیات ہیں ۔

س :- تیسری منزل میں سب سے کم آیات (۶۶۵) ہیں ۔ بتائیے سب سے زیادہ آیات کس منزل میں ہیں ۔ ج :- ساتویں منزل میں (۱۵۹۶)

س :- پہلی منزل میں ۴ سورتیں ، ۸۵ رکوع ، اور ۶۶۹ آیات ہیں ۔ بتائیے پانچویں منزل میں کل کتنی سورتیں ، رکوع اور آیات ہیں ؟

ج :- سورتیں ۱۱ ، رکوع ۷۲ ، اور آیات ۸۵۶ ۔

س :- تیسری منزل سات سورتوں پر مشتمل ہے بتائیے اس میں کتنے رکوع ہیں ۔ ج :- ۶۸ ۔

Marfat.com

س :۔ قرآن پاک کی وہ کون سی منزل ہے جو حروف مقطعات سے شروع ہوتی ہے۔
ج :۔ ساتویں منزل جو "ق" سے شروع ہوتی ہے۔

احکاماتِ قرآن

س :۔ قرآن پاک میں سب سے زیادہ حکم کس رکن کی ادائیگی کا دیا گیا ہے؟
ج :۔ نماز کا۔ تقریباً سات سو مرتبہ۔
س :۔ قرآن پاک میں نماز با جماعت پڑھنے کا حکم کس پہلی آیت میں دیا گیا ہے؟
ج :۔ سورہ بقرہ کی آیت ۴۳ میں۔
س :۔ مقام ابراہیم کے پاس نماز پڑھنے کا حکم کس آیت میں دیا گیا ہے؟
ج :۔ آیت ۱۲۵ سورہ البقرہ۔
س :۔ پانچ نمازوں کی ادائیگی کا ثبوت سورہ بنی اسرائیل کی کن آیات میں ملتا ہے۔ ج :۔ ۷۸، ۷۹ میں۔
س :۔ قرآن پاک میں جو حکم سب سے پہلے منسوخ کیا گیا ہے وہ کیا ہے؟
ج :۔ تحویل قبلہ کا حکم۔
س :۔ زکوٰۃ و صدقات کے بارے میں قرآن پاک کی پہلی آیت کونسی ہے؟
ج :۔ سورہ البقرہ کی آیت ۲۱۵۔
س :۔ قرآن پاک میں روزہ رکھنے کے لئے جو پہلی آیت نازل ہوئی وہ کس پارے میں ہے؟
ج :۔ پارہ اول الم میں آیت ۱۸۳ تا ۱۸۵ سورہ البقرہ

Marfat.com

س :۔ دائرہ اسلام میں داخل کرنے کے لئے دشمن کو مجبور نہ کرنے کا حکم کس سورہ میں دیا گیا ہے۔ ج :۔ سورہ البقرہ ۲۵۶ - ۲۵۷۔

س :۔ یہ بتائیے کہ قرآن پاک کی کس سورہ میں اللہ تعالیٰ نے زیب وزینت کو چھپانے کا حکم دیا ہے۔ ج :۔ سورہ نور میں۔

س :۔ عورتوں کو میراث میت سمجھ کر ان پر زبردستی قبضہ نہ کرو بتائیے یہ کس سورہ کے الفاظ ہیں۔ ج :۔ سورہ النساء۔

س :۔ جھوٹ بولنے سے بچتے رہو کے الفاظ سورہ بنی اسرائیل میں آئے ہیں۔ بتائیے جھوٹے پر خدا کی پھٹکار ہو کے الفاظ کس سورہ میں آئے ہیں؟

ج :۔ سورہ آل عمران ع ۶۔

س :۔ زنا کے قریب بالکل نہ جاؤ کیونکہ یہ بے حیائی کا کام ہے۔ اور برا راستہ ہے۔ بتائیے یہ الفاظ قرآن پاک کے ہیں یا حدیث کے۔

ج :۔ قرآن پاک کے۔

س :۔ قرآن پاک کی کس سورہ میں اسلام کے پانچ عقائد کو ماننے کا حکم دیا گیا ہے؟

ج :۔ سورہ النساء آیت ۱۳۶ میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ اے لوگو ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول ؐ پر اور اس کتاب پر جو اللہ نے اپنے رسول پر نازل کی ہے۔ اور ہر اس کتاب پر جو اس سے پہلے وہ نازل کر چکا ہے جس نے اللہ اور اس کے فرشتے اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں اور روز آخرت سے انکار کیا وہ گمراہی میں بھٹک کر بہت دور نکل گیا۔

س :۔ سورہ الحجرات کی آیت دس میں مسلمانوں کو کیا حکم دیا گیا ہے؟

ج :۔ پس تم مسلمانوں آپس میں تعلقات کو درست رکھو۔ جھگڑے مٹاؤ اور خدا سے ڈر کر رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

Marfat.com

س :- اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑنے اور فرقوں میں نہ بٹنے کا حکم کس سورہ میں آیا ہے۔ ج :- سورہ آلِ عمران آیت ۱۰۳

س :- حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو سورہ شوریٰ کی کس آیت کے ذریعے عدل وانصاف اور مساوات کا حکم دیا گیا ہے۔ ج :- آیت ۱۵۔

س :- سورہ آلِ عمران کی کس آیت کے ذریعے حج کی فرضیت کا اعلان کیا گیا ہے؟

ج :- آیت ۹۷ ۔ ترجمہ :- جو لوگ مالی اور جسمانی حالت کے اعتبار سے حج کی استطاعت رکھتے ہیں۔ ان پر اب حج فرض کر دیا گیا۔

س (۱) اے لوگو (مومنو) تم اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو

(۲) جس نے رسولؐ کی اطاعت کی گویا اس نے اللہ کی اطاعت کی۔ بتائیے یہ الفاظ کن سورتوں میں آتے ہیں۔

ج :- علی الترتیب سورہ آلِ عمران (۳۲) اور سورہ نساء آیت ۸۰۔

س :- والدین کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم سورہ بنی اسرائیل میں آیا ہے بتائیے کن آیات میں؟ ج :- ۲۲ تا ۲۴۔

س :- اور ہم نے انسانوں کو اپنے ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم دیا ہے اور اگر وہ اس امر کے درپے ہوں کہ کسی کو ہمارا شریک ٹھہرائیں جن کی تیرے پاس کوئی دلیل نہ ہو تو ان کا کہا نہ مانو۔ تم سب کو میری ہی طرف آنا ہے۔ پھر میں تم کو بتا دوں گا جو کچھ تم کیا کرتے تھے۔ بتائیے یہ الفاظ کس سورہ کے ہیں؟

ج :- سورہ عنکبوت آیت ۸ ۔

س :- سورہ نساء آیت ۴ میں عورتوں کے بارے میں ارشاد خداوندی کیا ہے؟

ج :- عورتوں کے مہر خوش دلی کے ساتھ ادا کرو۔

س :- جو نیک عورتیں ہیں وہ اطاعت شعار ہوتی ہیں اور مردوں کے پیچھے اللہ کی

Marfat.com

حفاظت و نگرانی میں خاوندوں کے حقوق کی حفاظت کرتی ہیں۔ بتائیے یہ الفاظ کس سورہ کے ہیں؟ ج:۔ سورہ النساء آیت ۳۴۔

س:۔ سورہ بقرہ کی آیت ۸۳ میں کن لوگوں کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم دیا گیا ہے؟ ج:۔ رشتہ داروں کے ساتھ۔

س:۔ مسلمانوں اپنے وعدوں کو پورا کرو۔ بتائیے یہ الفاظ کس سورہ کے ہیں؟

ج:۔ سورہ مائدہ آیت ۱۔

س:۔ سورہ الحجرات کی بارہویں آیت میں غیبت کے بارے میں کیا حکم دیا گیا ہے؟

ج:۔ تم میں سے کوئی کسی کی غیبت نہ کرے۔

س:۔ سورہ البقرہ کی آیت دو سو اسی میں اللہ تعالیٰ نے کیا ارشاد فرمایا ہے؟

ج:۔ اور اگر مقروض تنگ دست ہو تو اسے فراخی کی مہلت دو۔ اور اگر اسے قرضہ معاف کر دو تو تمہارے حق میں یہ زیادہ بہتر ہے۔ اگر تم سمجھو۔

س:۔ وہ تمام مومن مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ تم اپنے بھائیوں کے درمیان صلح کروا دیا کرو۔ بتائیے یہ کس سورہ کے الفاظ ہیں؟

ج:۔ سورہ الحجرات۔

س:۔ بتائیے سورہ النور کی ۶۱ ویں آیت میں اللہ تعالیٰ نے کیا حکم دیا ہے؟

ج:۔ جب تم گھر جاؤ تو اپنے گھر والوں کو سلام کر لیا کرو

س:۔ اے لوگو! جو چیزیں زمین میں ہیں۔ ان میں سے جو حلال و طیب ہیں وہ کھاؤ۔ بتائیے یہ الفاظ سورہ بقرہ کی کس آیت کے ہیں؟ ج:۔ ۱۶۸ کے۔

ارضِ قرآن

س:۔ قرآن پاک میں حضرت اسماعیلؑ کی سکونت کو کیا کہا گیا ہے؟

Marfat.com

ج :۔ وادی ناقابلِ کاشت ۔ وادٍ غَیْرِ ذِیْ زَرْعٍ ۔

س :۔ قرآن پاک میں مدینہ منورہ کا نام یثرب آیا ہے ۔ بتائیے مکہ مکرمہ کے لئے کیا نام آیا ہے ؟ ج :۔ بکہ ۔

س :۔ بتائیے قرآن پاک میں صفا و مروہ کا ذکر سورہ البقرہ کی کس آیت میں آیا ہے ؟

ج :۔ آیت ۱۵۸ میں ۔

س :۔ بتائیے وادی بدر کا ذکر قرآن پاک کی کس سورہ میں موجود ہے ؟

ج :۔ آل عمران آیت ۱۲۳ میں ۔

س :۔ اسلام میں مسجد کی تعمیر کا ذکر سورہ التوبہ کی کس آیت میں کیا گیا ہے ؟

ج :۔ ۱۰۸ میں ۔

س :۔ غزوہ خندق کا ذکر سورہ الاحزاب میں آیا ہے ۔ بتائیے کس آیت میں ؟

ج :۔ ۲۲ ویں آیت میں ۔

س :۔ قرآن پاک میں شہر بابل کا ذکر سورہ البقرہ کی کس آیت میں آیا ہے ؟

ج :۔ ۱۰۲ میں

س :۔ قرآن پاک میں ایک ملک کا نام بھی آیا ہے ۔ کیا آپ اس ملک کا نام بتا سکتے ہیں ۔ ج :۔ جی ہاں مصر ۔

س :۔ قرآن پاک میں اٹلی کے ایک شہر کا نام بھی آیا ہے ۔ کیا آپ وہ نام بتا سکتے ہیں ؟

ج :۔ جی ہاں ۔ روم ۔

س :۔ اصحاب کہف کا غار کس ملک میں ہے ؟ ج :۔ اردن میں ۔

س :۔ قرآن پاک میں کوہ طور کو کس نام سے پکارا گیا ہے ۔ ج :۔ جبلِ امین ۔

س :۔ قرآن حکیم میں صفا اور مروہ کو کیا مخصوص نام دیا گیا ہے ۔

ج :۔ شعائر اللہ (یعنی اللہ کی نشانیاں)

Marfat.com

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ قرآن پاک میں کن مساجد کا نام آیا ہے؟
ج :- جی ہاں - چار مساجد کا۔ مسجد الحرام، مسجد اقصیٰ - مسجد ضرار - اور مسجد قباء کا۔
س :- سورہ روم کی وہ آیات کون سی ہیں - جن میں کہا گیا ہے کہ عرب کے قریب روم کو شکست ہوئی اور یہ رومی چند سالوں میں ایران کو شکست دیں گے -
ج :- آیت ۱ تا ۳ -
س :- اللہ تعالیٰ نے تین، زیتون، طور سینا اور مکہ مکرمہ کی قسم کھائی ہے - بتائیے کس سورہ میں - ج :- سورہ التین (آیات ۱-۴)
س :- سدرۃ المنتہیٰ کا ذکر کس سورہ میں آیا ہے - ج :- سورہ النجم ۱-۱۶ -
س :- تم اے موسیٰ - اہل مدین میں برسوں رہے بتائیے کس سورہ کے الفاظ ہیں؟
ج :- سورہ طٰہٰ آیت ۴۰ -
س :- مدینہ منورہ کا قدیم نام بتائیے - ج - یثرب -

اسمائے حسنہ اور قرآن پاک

س :- بتائیے یہ الفاظ کس سورہ کے ہیں؟ وہ اللہ ہے اس کے سوا کوئی خدا نہیں - اس کے لئے بہترین نام ہیں - ج :- سورہ طٰہٰ آیت ۸ -
س :- یہ بتائیے کہ کس سورہ میں اللہ تعالیٰ نے حضورؐ سے فرمایا - اے نبیؐ ان سے کہو - اللہ کہہ کر پکارو - رحمٰن کہہ کر - جس نام سے بھی پکارو اس کے لئے سب اچھے ہی نام ہیں؟ ج :- بنی اسرائیل آیت ۱۱۰ -
س :- سورہ الاعراف آیت ۱۸۰ میں اللہ تعالیٰ کے بارے میں کس بات کا تذکرہ ملتا ہے؟

Marfat.com

ج :۔ اللہ اچھے ناموں کا مستحق ہے۔ اس کو اچھے ہی ناموں سے پکارو۔ ان لوگوں کو چھوڑ دو۔ جو اس کا نام رکھنے میں راستی سے منحرف ہو جاتے ہیں۔ جو کچھ وہ کرتے رہے ہیں اس کا بدلہ پاکر رہیں گے۔

س :۔ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کے اسمائے گرامی کی تعداد کتنی بتائی گئی ہے۔

ج :۔ ۹۹۔

س :۔ قرآن پاک میں لفظ اللہ کتنی بار آیا ہے۔ ج :۔ ۲۵۸۴ مرتبہ۔

س :۔ فاطر اللہ تعالیٰ کے اسماء الحسنیٰ میں سے ایک نام ہے۔ بتائیے یہ صفاتی نام ہے یا ذاتی۔ ج :۔ صفاتی۔

س :۔ بتائیے اللہ تعالیٰ کے اسماء الحسنہ کون کون سے ہیں۔

ج :۔ اللہ، الرحمٰن، الرحیم، الملک، القدوس، السلام، المومن، المھیمن، العزیز، الجبار، المتکبر، الخالق، الباری، المصور، الغفار، القہار، الوہاب، الرزاق، الفتاح، العلیم، القابض۔ الباسط، الخافض، الرافع، المعز، المذل، السمیع، البصیر، الحکم، العدل، اللطیف، الخبیر، الحلیم، العظیم، الغفور، الشکور، العلی، الکبیر، الحفیظ، المقیت، الحسیب۔ الجلیل، الکریم، الرقیب، المجیب، الواسع، الحکیم، الودود، المجید، الباعث، الشہید، الحق، الوکیل، القوی، المتین، الولی، الحمید، المحصی، المبدی، المعید، المحی، الممیت، الحی، القیوم، الواجد، الماجد، الواحد، الاحد، الصمد، القادر، المقتدر، المقدم، المؤخر، الاول، الآخر، الظاہر، الباطن، الوالی، المتعالی، البر، التواب، المنتقم، العفو، الرؤف، مالک الملک، ذوالجلال والاکرام، المقسط، الجامع، الغنی، المغنی، المانع، الضار، النور، الھادی، البدیع، الباقی، الوارث، الرشید، الصبور۔

Marfat.com

س :- قرآن پاک کی سورہ حشر کی آیات ۲۲ تا ۲۴ میں کون کون اسماء الحسنیٰ دیئے گئے ہیں۔ ج :- ۲ تا ۱۴۔

س :- القابض سے المذل تک کا مادہ قرآن مجید میں موجود ہے مگر بعینہٖ نہیں بتائیے ان اسماء کو کیا خیال کیا جاتا ہے۔ ج۔ اسمائے حدیث۔

اصنام اور قرآن پاک

س :- بتائیے قرآن پاک میں کن بتوں کا ذکر موجود ہے؟

ج :- لات، عزیٰ، منات، بعل، ود، سواع، یغوث، یعوق اور نسر۔

س :- بتائیے لات، عزیٰ، اور مناۃ کا ذکر قرآن پاک کی کس سورہ میں آیا ہے؟

ج :- سورہ نجم میں۔

س :- بتائیے سورہ صافات میں کس واحد بت کا نام آیا ہے؟

ج :- بعل کا۔

س :- سورہ نوح میں جن بتوں کا نام آیا ہے۔ کیا آپ وہ بتا سکتے ہیں؟

ج :- جی ہاں، ود، سواع، یغوث، یعوق اور نسر۔

س :- بعل کا ذکر قرآن پاک میں بھی آیا ہے۔ بتائیے اس کی عربی شکل کیا ہے؟

ج :- ہبل۔

س :- الیاس ایک رسول تھا۔ اس نے اپنی قوم سے کہا کہ کیا تم اللہ سے نہیں ڈرتے کہ اس بہترین خالق کو چھوڑ کر بعل کی پرستش کر رہے ہو۔ بتائیے یہ الفاظ کس سورہ کے ہیں۔ ج :- سورہ الصّٰفّٰت (۱۲۳ - ۱۲۵) کے۔

Marfat.com

س :۔ ود، سواع، یغوث، یعوق، اور نسر کی عبادت ترک نہ کرنے کا ذکر کس سورہ میں آیا ہے۔ ج :۔ سورہ نوح ۲۲-۲۳-

تراجم قرآن پاک

س :۔ بتائیے قرآن پاک کا پہلا ترجمہ کس زبان میں ہوا؟

ج :۔ لاطینی زبان میں ۱۱۴۳ء میں (ROBRTUE RETENESIS) نے

س :۔ دنیا میں قرآن پاک کا پہلا نسخہ (عربی متن کے ساتھ) کہاں سے شائع ہوا؟

ج :۔ جرمن پبلشنگ ہاؤس سے یہ نسخہ ۱۶۹۴ء میں طبع ہوا اور اس کی اشاعت کا اہتمام جرمن عیسائی پادری ہنکلمین نے کیا تھا۔

س :۔ بتائیے قرآن پاک کا پہلا انگریزی ترجمہ کس نے کیا؟

ج :۔ اے راس (A-ROSS) نے۔

س :۔ قرآن پاک کا انگریزی زبان میں پہلا ترجمہ کس مسلمان نے کیا؟

ج :۔ پٹیالہ کے ڈاکٹر محمد عبدالحکیم نے (۱۹۰۵ میں)

س :۔ جرمن زبان میں قرآن پاک کا سب سے پہلا ترجمہ کس نے کیا؟

ج :۔ پروٹسٹنٹ فرقے کے بانی مارٹن لوتھر نے۔

س :۔ قرآن پاک کا پہلا فارسی ترجمہ کس نے کیا؟ ج :۔ شیخ سعدی نے۔

س :۔ قرآن پاک کا پہلا اردو ترجمہ کس شخصیت نے کیا؟

ج :۔ شاہ عبدالقادر دہلوی وفات ۱۸۲۶ نے۔

س :۔ قرآن مجید کا فرانسیسی زبان میں ترجمہ کس نے کیا؟

Marfat.com

ج :۔ ڈوریئر (DU RYER) نے یہ پیرس سے ۱۶۴۷ء میں شائع ہوا۔

س :۔ گجراتی زبان میں قرآن پاک کا پہلا ترجمہ کس نے کیا؟

ج :۔ حاجی غلام علی۔ حاجی اسمٰعیل رحمانی (ایڈیٹر راہ نجات نے)

س :۔ قرآن حکیم کا پہلا جاپانی ترجمہ کس نے کیا؟

ج :۔ شیخ عبدالرشید ابراہیم نے۔

س :۔ جاوی زبان میں قرآن پاک کا پہلا ترجمہ نیا دیا نے کیا بتائیے جاوی زبان میں قرآن پاک کا دوسرا ترجمہ کب اور کس نے کیا؟

ج :۔ سمارنگ ڈکری این بوکھنڈل (بٹیویا) نے ۱۹۱۳ء میں۔

س :۔ قرآن پاک کے برمی زبان کے پہلے مترجم کا نام بتائیے؟ ج :۔ احمداللہ۔

س :۔ مرہٹی زبان میں قرآن حکیم کا پہلا ترجمہ کس نے کیا؟

ج :۔ حکیم صوفی میر محمد یعقوب خاں نے۔

س :۔ تلگو زبان میں قرآن پاک کا پہلا ترجمہ کس نے کیا؟

ج :۔ مسٹر نرائن راؤ ایم اے نے۔

س :۔ کیا آپ قرآن پاک کے ملیالم زبان کے مترجم کا نام بتا سکتے ہیں؟

ج :۔ جی ہاں! مسٹر ایس این کرشن راؤ۔

س :۔ بنگلہ زبان کے پہلے قرآنی مترجم کا نام تو بتائیے؟

ج :۔ مولانا عباس علی۔

س :۔ بتلائیے سندھی زبان میں قرآن حکیم کا پہلا ترجمہ کس نے کیا؟

ج :۔ اخوند عزیز اللہ متعلوی نے (۱۲۴۰ - ۱۱۶۰ھ)

س :۔ ہندی زبان میں ترجمہ کس راجہ نے کرایا؟

ج :۔ راجہ مہروگ نے ۲۷۰ھ میں مکمل ترجمہ پادری ڈاکٹر احمد شاہ مسیحی نے

Marfat.com

القرآن کے نام سے کیا جو ۱۹۱۵ء میں طبع ہوا۔

س :۔ سواحلی زبان میں قرآن پاک کا جو ترجمہ عیسائی پادری گاڈفرے (GODFREY) نے کیا۔ وہ انگلستان سے کس سن میں طبع ہوا؟

ج :۔ ۱۹۲۳ء میں۔

س :۔ یوگنڈا کی زبان میں قرآن پاک کا ترجمہ کس نے کیا؟

ج :۔ مولانا رحمت علی نے۔

س :۔ ترکی زبان میں قرآن پاک کا بہترین ترجمہ کس نے کیا؟

ج :۔ محمد عاکف بک (۱۸۷۳ - ۱۹۳۶) نے۔ یہ ترجمہ علامہ المعہ لی حمدی کے کہنے پر کیا تھا۔

س :۔ سواحلی (افریقہ) زبان کے قرآن حکیم کے پہلے مترجم کون تھے۔

ج :۔ شیخ عبداللہ صالح فارسی۔

س :۔ قرآن حکیم کا پہلا منظوم ترجمہ کس نے کیا؟

ج :۔ آغا شاعر قزلباش دہلوی نے۔

س :۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ اطالوی زبان میں ترجمہ کس نے کیا؟

ج :۔ ہینن نے ۱۵۴۷ء میں۔

س :۔ ہسپانوی زبان میں قرآن پاک کا پہلا ترجمہ ڈی رولس نے کیا۔ بتائیے یہ کب اور کہاں سے شائع ہوا۔ ج :۔ میڈرڈ سے ۱۸۴۴ء میں۔

س :۔ ڈنمارک کی زبان میں قرآن پاک کا پہلا ترجمہ کس نے کیا تھا؟

ج :۔ پیڈرسن نے ۱۹۱۹ء میں۔ یہ کوپن ہاگن سے طبع ہوا۔

س :۔ ولندیزی زبان میں قرآن پاک کے پہلے مترجم کا نام بتائیے؟

ج :۔ شوئیگر ۱۶۶۱ میں ہمبرگ سے طبع ہوا۔

Marfat.com

س :۔ پنجابی زبان میں قرآن پاک کے پہلے مترجم کا نام بتائیے؟
ج :۔ حافظ محمد لکھوی۔
س :۔ بتائیے گورمکھی زبان میں قرآن پاک کا ترجمہ کس نے کیا؟
ج :۔ ایک نومسلم محمد یوسف نے۔
س :۔ برصغیر پاک وہند میں قرآن پاک کا پہلا فارسی ترجمہ کس نے کیا؟
ج :۔ حضرت غوث الحق مخدوم نوح صدیقی سرورؒ نے دسویں صدی ہجری میں بعض کتابوں میں قرآن پاک کے پہلے فارسی مترجم کی حیثیت سے حضرت شاہ ولی اللہ کا نام لکھا ہے۔ جو غلط ہے کیونکہ یہ ترجمہ متذکرہ ترجمہ کے دو سو سال بعد کیا گیا تھا۔ لیکن یہ شائع نہ ہو سکا۔ شائع ہونے والا پہلا ترجمہ حضرت شاہ ولی اللہ کا ہے۔
س :۔ سرائیکی میں پہلا ترجمہ کس نے کیا؟
ج :۔ ڈاکٹر مہر عبدالحق نے۔ انہوں نے یہ ترجمہ جناب اے کے بروہی کی تحریک پر کیا۔
س :۔ بلوچی زبان میں سب سے پہلا ترجمہ کس نے کیا؟
ج :۔ ملا حضور بخش جتوئی نے۔
س :۔ کیا آپ یہ بتا سکتے ہیں کہ براہوی میں قرآن پاک کا پہلا ترجمہ کس نے کیا؟
ج :۔ مولانا محمد عمر دین پوری نے ۱۹۴۹ میں۔
س :۔ سندھی زبان میں قرآن حکیم کا منظوم ترجمہ سب سے پہلے کس نے کیا؟
ج :۔ مولانا احمد ملا نے جن کا انتقال ۱۹۷۶ء میں ہوا۔
س :۔ "موضح قرآن" "کوام التراجم کہا جاتا ہے۔ بتائیے یہ ترجمہ کس بزرگ ہستی نے کیا؟

Marfat.com

ج :۔ مولانا شاہ عبدالقادر محدث دہلوی۔
س :۔ یہ بتائیے کہ یونانی زبان میں قرآن پاک کا پہلا ترجمہ کب اور کس نے کیا؟
ج :۔ ۱۸۸۰ء میں ایتھنز سے پنڈپا کی کے ترجمے کے ساتھ شائع ہوا۔
س :۔ عبرانی میں قرآن پاک کا پہلا ترجمہ کس نے کیا؟
ج :۔ یعقوب بن اسرائیل نے۔
س :۔ ارمنی زبان میں پہلے قرآنی مترجم کا نام بتائیے؟
ج :۔ امیر خانیا (1919) ادرنہ (ترکی) سے شائع ہوا۔
س :۔ بوہیمیہ کی زبان میں پہلا ترجمہ فلی نے کیا۔ بتائیے کس سن میں؟
ج :۔ ۱۹۲۵ء میں پراگ سے شائع ہوا۔
س :۔ چینی زبان میں قرآن پاک کا پہلا ترجمہ لوین چودھوا جر جز نے شائع کرایا۔
بتائیے کس سن میں؟ ج :۔ ۱۹۲۳ء میں۔
س :۔ چینی زبان میں قرآن پاک کا ترجمہ کس نے کیا۔
ج :۔ پروفیسر ماجیاں (MAJIAN) نے۔
س :۔ قرآن پاک کا اردو میں ترجمہ کرنے والے پہلے مترجم کا نام بتائیے؟
ج :۔ حکیم شریف خاں صاحب دہلوی۔ ان کا ترجمہ شائع نہ ہوا اس لئے شاہ
عبدالقادر دہلوی کے ترجمے کو اوّلین حیثیت حاصل ہوئی۔
س :۔ علامہ سیماب اکبرآبادی نے کس نام سے قرآن پاک کا منظوم ترجمہ کیا؟
ج :۔ وحی منظوم کے نام سے۔
س :۔ جرمنی کی ایک ماہر اقبالیات نے قرآن پاک کا جرمن زبان میں ترجمہ کیا
ہے۔ کیا آپ اس کا نام بتا سکتے ہیں؟ ج :۔ این میری شمل۔
س :۔ بتائیے علامہ عبداللہ یوسف علی کا قرآن پاک کا انگریزی ترجمہ کب اور

Marfat.com

کہاں سے شائع ہوا۔

ج:۔ ۱۹۳۸ء میں اسے شیخ محمد اشرف نے لاہور سے شائع کیا۔

س:۔ یہ بتائیے کہ صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق نے ۳۱ جولائی ۱۹۸۱ء کو کن حضرات کو قرآن پاک کا ترجمہ کرنے پر انعامات دیئے؟

ج:۔ علامہ سیماب اکبرآبادی مرحوم (اردو) یہ انعام ان کے فرزند مظہر قریشی نے وصول کیا۔ قاضی عبدالصمد اور مولوی خان محمد (بلوچی) مہر عبدالحق (سرائیکی) اور حاجی احمد ملا (سندھی)

س:۔ بنگلہ زبان میں قرآن پاک کا پہلا ترجمہ اور تفسیر و حواشی کس نے مکمل کیے؟

ج:۔ مولانا محمد اکرم نے۔

س:۔ قرآن پاک کا پہلا مکمل ترجمہ سنسکرت زبان میں کس نے اور کب کیا۔

ج:۔ پروفیسر ستیہ دیو ورما نے (ستمبر ۱۹۸۴ میں)

س:۔ پروفیسر ستیہ دیو ورما نے یہ ترجمہ کس نام سے موسوم کیا۔

ج:۔ سنسکرتم قرانم۔

س:۔ بتائیے پروفیسر ستیا دیو ورما نے کس کے ہندی ترجمہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے قرآن پاک کا سنسکرت میں ترجمہ کیا۔

ج:۔ مولانا فاروق خاں۔

تعزیرات قرآن

س:۔ سورہ المائدہ آیت ۳۳ میں اللہ اور اس کے رسول صلعم کے ساتھ لڑنے

Marfat.com

کی سزا قتل یا سولی پر چڑھانا قرار دیا گیا ہے۔ بتائیے اسی سورہ کی آیت ۳۸ میں کس قسم کا حکم صادر فرمایا گیا ہے؟

ج:۔ اور چور خواہ مرد ہو یا عورت دونوں کے ہاتھ کاٹ دو۔

س:۔ قرآن حکیم میں زانی مرد اور زانی عورت کے لئے کیا سزا مقرر کی گئی ہے۔

ج:۔ سو سو درے لگانے کی۔ (النور آیات ۲ تا ۴)

س:۔ اس سورہ کا نام بتائیے جس میں سونے اور چاندی کو راہ حق میں خرچ نہ کرنے والوں کو سخت عذاب کی خبر دی گئی ہے۔ ج:۔ سورہ توبہ۔

س:۔ سورہ النساء آیت ۱۴۵ میں منافقین کے لئے کیا سزا مقرر کی گئی ہے؟

ج:۔ یقین جانو کہ منافق جہنم کے سب سے نچلے طبقے میں ڈال دیئے جائیں گے۔ اور تم دیکھو گے کہ وہاں ان کا کوئی مددگار نہ ہوگا۔

س:۔ قرآن پاک میں قسم توڑنے کا کفارہ کیا ہے؟

ج:۔ دس محتاجوں کا کھانا کھلانا۔

س:۔ بتائیے تہمت لگانے والوں کے لئے قرآن پاک میں کیا سزا مقرر کی گئی ہے؟

ج:۔ جو لوگ پرہیزگار عورتوں پر بدکاری کا الزام لگائیں اور اس پر چار گواہ نہ لائیں تو انہیں ۸۰ کوڑے مارو اور کبھی ان کی گواہی قبول نہ کرو۔

(سورہ النور آیت ۴ تا ۵)

مشہور تفاسیر قرآن

س:۔ تفسیر کا لغوی مطلب کیا ہے؟

Marfat.com

ج :۔ بیان کرنا یا کھولنا نمایاں کرنا۔ اصطلاح میں اس سے مراد قرآن پاک کا مفہوم بیان کرنا ہے۔

س :۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قرآن پاک کی پہلی تفسیر اور پہلے مفسر کون ہیں؟

ج :۔ حدیث۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

س :۔ خلافت راشدہ کے دوران میں کون کون سی مشہور تفاسیر لکھی گئیں؟

ج :۔ تفسیر ابی بن کعب، تفسیر عباسی (حضرت عبداللہ ابن عباس)

س :۔ کیا آپ تفسیر عباسی کا دوسرا نام بتا سکتے ہیں۔ ج :۔ تفسیر النبی۔

س :۔ تفسیر محمد کے مؤلف کا نام بتائیے؟

ج :۔ شیخ حسن محمد گجراتی (متوفی ۹۸۲ ھ)۔

س :۔ تفسیر طبری کا اصل نام کیا ہے۔ نیز اس کے مصنف کا نام بھی بتائیے؟

ج :۔ جامع البیان عن تاویل آیہ القرآن علامہ ابو جعفر بن جریر طبری۔

س :۔ تفسیر القرآن العظیم کے مصنف حافظ عماد الدین ابوالفداء اسمٰعیل بن الخطیب ہیں۔ بتائیے ان کی یہ تفسیر کس مقبول نام سے مشہور ہوئی؟

ج :۔ تفسیر ابن کثیر کے نام سے۔

س :۔ البرہان فی تفسیر القرآن کے مصنف کا نام بتائیے؟

ج :۔ شیخ ابوالحسن علی بن ابراہیم عوفی نحوی (متوفی ۴۳۰ ھ)

س :۔ مولانا محمد شفیع مفتی اعظم پاکستان نے قرآن پاک کی تفسیر کس نام سے لکھی نیز اس کا انگریزی ترجمہ کس نے شروع کیا؟

ج :۔ معارف القرآن ——— ترجمہ مولانا محمد تقی عثمانی نے۔

س :۔ اردو کی مشہور تفسیر حقانی کے مؤلف کا نام بتائیے۔ ج :۔ فتح المنان۔

س :۔ مولانا ابوالکلام آزاد نے بھی قرآن پاک کی ایک تفسیر لکھی ہے بتائیے کس

Marfat.com

نام سے۔ ج :۔ ترجمان القرآن کے نام سے۔ یہ ۱۸ جلدوں پر مشتمل ہے۔
س :۔ تفہیم القرآن مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کی مشہور تفسیر کا نام ہے۔ بتائیے بیان القرآن نامی تفسیر کس نے لکھی؟
ج :۔ مولانا اشرف علی تھانوی رح نے۔
س :۔ سندھی میں قرآن پاک کی ایک تفسیر مفتاح رشد اللہ کے نام سے لکھی گئی ہے۔ بتائیے اس کے مؤلف کون ہیں؟ ج :۔ قاضی فتح محمد نظامانی۔
س :۔ پیر محمد کرم شاہ صاحب نے بھی ایک تفسیر لکھی ہے۔ بتائیے اس کا نام کیا ہے؟
ج :۔ ضیاء القرآن۔
س :۔ تفسیر نعیمی کے مؤلف کون ہیں۔ ج :۔ مفتی احمد یار خاں صاحب۔
س :۔ ابوعبداللہ محمد بن عمر بن حسین نے مفاتیح الغیب کے نام سے قرآن پاک کی ایک تفسیر لکھی ہے۔ بتائیے اس تفسیر کا مقبول نام کیا ہے۔ ج :۔ تفسیر الکبیر۔
س :۔ الکشاف عن الحقائق تنزیل وعیون عیادمل فی وجوہ التاویل ابوالقاسم جاراللہ محمود بن عمر الزمخشری کی تصنیف ہے۔ بتائیے اس کا مقبول عام نام کیا ہے۔ ج :۔ تفسیر کشاف۔
س :۔ تفسیر طبری کا اصل نام مجموعہ البیان فی التفسیر القرآن ہے۔ مصنف کا نام بتائیے۔ ج :۔ ابوعلی الفضل ابن الحسن الطبری۔
س :۔ تفسیر احکام القرآن کے مصنف کا نام بتائیے؟
ج :۔ احمد بن علی رازی المشہور ابوبکر جصاص۔
س :۔ جامع احکام القرآن کے نام سے ابوعبداللہ محمد بن احمد انصاری قرطبی نے جو تفسیر لکھی ہے۔ اسے عام طور پر کیا کہا جاتا ہے؟
ج :۔ تفسیر قرطبی۔

Marfat.com

س :۔ تفسیر بیضاوی کے مصنف اور اس کا اصل نام بتائیے۔
ج :۔ قاضی امام ناصر الدین ابو سعید عبداللہ بن عمر بیضاوی انوار التنزیل واسرار التاویل۔
س :۔ تفسیر جلالین کے نام سے دو مصنفوں نے قرآن پاک کی تفسیر لکھی ہے ان کے نام بتائیے؟
ج :۔ علامہ جلال الدین سیوطی۔ اور جلال الدین محلی۔
س :۔ کیا آپ تفسیر روح المعانی کے مصنف کا نام بتا سکتے ہیں؟
ج :۔ جی ہاں۔ علامہ شہاب الدین محمود آلوسی البغدادی۔
س :۔ علامہ طنطاوی جوہری نے قرآن پاک کی جو تفسیر لکھی ہے اس کا نام بتائیے؟
ج :۔ تفسیر الجواہر۔
س :۔ علامہ رشید رضا نے تفسیر المنار لکھی ہے۔ بتائیے اس کا پورا نام کیا ہے؟
ج :۔ المنار فی تفسیر القرآن الحکیم۔ یہ بارہ جلدوں میں ہے اور صرف بارہ پاروں پر مشتمل ہے۔
س :۔ سید قطب شہید نے جو تفسیر لکھی ہے کیا آپ اس کا نام بتا سکتے ہیں؟
ج :۔ تفسیر فی ظلال القرآن۔
س :۔ مولانا عبدالحق حقانی دہلوی نے تفسیر حقانی لکھی ہے اس کا اصل نام بتائیے
ج :۔ فتح المنان۔ یہ پہلی جامع اردو تفسیر ہے۔
س :۔ تفسیر ماجدی کے مصنف کا نام بتائیے؟
ج :۔ مولانا عبدالماجد دریا آبادی۔
س :۔ قاضی ثناء اللہ امرتسری نے بھی ایک تفسیر لکھی ہے۔ تفسیر کا نام بتائیے؟
ج :۔ تفسیر مظہری۔

Marfat.com

س :۔ تفسیر مواہب الرحمن سید امیر علی ملیح آبادی کی تصنیف ہے بتائیے یہ کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟ ج :۔ تیس جلدوں پر۔

س :۔ بتائیے تفسیر نعیمی کس نے مرتب کی ہے؟ ج :۔ مفتی احمد یار خاں نے۔

س :۔ مولانا شبیر احمد عثمانی اور مولانا محمود حسین نے بھی قرآن پاک کی تفسیر لکھی ہے تفسیر کا نام بتائیے؟ ج :۔ تفسیر عثمانی۔

س :۔ محمد علی لاہوری احمدی نے بھی قرآن پاک کی ایک تفسیر لکھی ہے۔ بتائیے اس کا نام کیا ہے نیز یہ کتنی جلدوں پر مشتمل ہے۔

ج :۔ تین جلدوں پر —— تفسیر بیان القرآن۔

س :۔ مولانا امین احسن اصلاحی نے بھی قرآن پاک کی تفسیر لکھی ہے۔ تفسیر کا نام بتائیے؟ ج :۔ تدبر قرآن۔

س :۔ کاندھلہ کے ایک عالم دین نے معارف القرآن کے نام سے ایک تفسیر لکھی ہے۔ عالم دین کا نام بتائیے؟

ج :۔ مولانا محمد ادریس کاندھلوی۔

س :۔ قاضی محمد بن علی الشوکانی نے چار جلدوں پر مشتمل ایک تفسیر لکھی ہے تفسیر کا نام بتائیے؟

ج :۔ الجامع بین فنی الروایہ والدرایہ فی التفسیر المشہور فتح القدیر۔

س :۔ نواب صدیق حسین خاں نے قاضی شوکانی کی تفسیر کی تلخیص کر کے ایک تفسیر لکھی ہے۔ تفسیر کا نام بتائیے۔ ج :۔ فتح البیان۔

س :۔ یہ بتلائیے کہ مولانا نعیم الدین مراد آبادی نے کس نام سے قرآن پاک کی تفسیر لکھی ہے؟ ج :۔ خزائن العرفان۔

س :۔ مولانا نبی بخش حلوائی نے پنجابی زبان میں ایک تفسیر لکھی ہے کیا آپ

Marfat.com

اس تفسیر کا نام بتا سکتے ہیں ؟
ج :۔ تفسیر نبوی (پندرہ جلدوں پر مشتمل ہے)
س :۔ قرآن پاک کی تفسیر قرآن کے آئینے میں غلام احمد پرویز نے لکھی ہے بتائیے اس کا نام کیا ہے۔ ج :۔ مطالب الفرقان۔

قرآن پاک اور حیوانات، چرند و پرند، حشرات

س :۔ یہ بتائیے کہ قرآن پاک میں حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کو کیا نام دیا گیا ہے؟ ج :۔ ناقتہ اللہ۔
س :۔ قرآن پاک کی ایک سورہ کے رکوع میں گائے کا ذکر آیا ہے بتائیے وہ سورہ کون سی ہے۔ ج :۔ سورہ البقرہ۔
س :۔ بتائیے ابابیل کا ذکر کس سورہ میں آیا ہے۔ ج :۔ سورہ الفیل میں
س :۔ بتائیے سورہ غاشیہ کی ۱۷ ویں آیت میں کس جانور کا ذکر کیا گیا ہے؟
ج :۔ اونٹ کا۔ ترجمہ دیکھتے نہیں کہ اونٹ کس طرح بنایا گیا۔
س :۔ سورہ یٰسین کی آیات ۱۷ تا ۷۲ میں کن جانوروں کا ذکر کیا گیا ہے؟
ج :۔ ہاتھی، گائے، اونٹ اور گھوڑے کا۔
س :۔ سورہ انعام کی ۳۸ ویں آیت میں چوپائیوں اور اڑنے والے جانوروں کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟
ج :۔ یہ چوپائے اور اڑنے والے جانور تمہاری طرح امتیں ہیں۔
س :۔ قرآن حکیم میں کوے کے بارے میں کہا گیا ہے کہ اس نے انسان کو نعش

Marfat.com

دفن کرنے کا طریقہ سکھایا۔ بتائیے کس سورہ میں ہے؟
ج:۔ سورہ مائدہ آیت ۳۱۔
س:۔ سورہ نمل کی ۱۸ ویں آیت میں کس حشرے کا ذکر ملتا ہے؟
ج:۔ چیونٹی کا۔
س:۔ قرآن پاک کی ایک سورہ مکڑی پر ہے۔ کیا آپ اس سورہ کا نام بتا سکتے ہیں؟ ج:۔ سورہ العنکبوت۔
س:۔ سورہ العنکبوت کی کس آیت میں مکڑی کے گھر کو دنیا کا کمزور ترین گھر قرار دیا گیا ہے۔ ج:۔ آیت ۴۱ میں۔
س:۔ یہ لوگ اسباق و آیات سے یوں بھاگتے ہیں جس طرح بدکے ہوئے گدھے شیر کو دیکھ کر دوڑ پڑیں۔ بتائیے کس سورہ کی کون سی آیت کا ترجمہ ہے؟
ج:۔ سورہ مدثر ۴۹ تا ۵۱۔
س:۔ شہد کی مکھی کے بارے میں جو آیت نازل کی گئی ہے اس کا نام بتائیے؟
ج:۔ سورہ النحل۔
س:۔ کون سے پیغمبر مچھلی کے پیٹ میں رہے؟ ج:۔ حضرت یونسؑ۔
س:۔ مچھر کا ذکر کس سورہ میں آیا ہے؟ ج:۔ سورہ البقرہ میں۔
س:۔ سورہ حج کی کس آیت میں کہا گیا ہے۔ اے لوگو سنو! ہم تمہیں ایک کام کی بات سناتے ہیں۔ جو لوگ اللہ کے بغیر تمہارے معبود بنے بیٹھے ہیں وہ تمام مل کر ایک مکھی تک نہیں بنا سکتے۔ اور اگر مکھی ان سے کوئی چیز چھین لے جائے تو وہ واپس نہیں لے سکتے۔ عابد و معبود ہر دو بے بس ہیں کائنات میں صرف اللہ ہی غالب طاقت ور ہے۔ ج:۔ آیت ۷۴۔
س:۔ ایک پرندہ حضرت سلیمانؑ کا خط ملکہ سبا کے پاس لے کر گیا تھا کیا آپ

Marfat.com

اس پرندے کا نام بتا سکتے ہیں۔ ج :۔ جی ہاں ہد ہد۔
س :۔ سورہ بقرہ آیت ۶۵ کے مطابق جنہوں نے سبت کا احترام نہ کیا انہیں اللہ تعالیٰ نے کیا بنا دیا۔ ج :۔ ذلیل بندر۔

خواتین اور قرآن پاک

س :۔ بتائیے ملکہ سبا کا ذکر قرآن کریم میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج :۔ دو مرتبہ۔
س :۔ بتائیے ملکہ سبا کا قصہ قرآن پاک کی کس سورہ میں ہے؟
ج :۔ سورہ نمل میں۔
س :۔ بتائیے ملکہ سبا کا مذہب کیا تھا؟
ج :۔ آفتاب پرستی۔ سورہ نمل میں ہے۔ میں نے سبا کی ملکہ اور اس کی قوم کو خدا کو چھوڑ کر آفتاب کو سجدہ کرتے پایا۔
س :۔ بتلائیے قرآن پاک کی رو سے حضرت سلیمان علیہ السلام کو ملکہ سبا کی حکمرانی کے بارے میں سب سے پہلے کس پرندے نے آگاہ کیا؟
ج :۔ ہد ہد نے۔
س :۔ بتائیے جب ملکہ سبا حضرت سلیمانؑ کے ہاتھ پر ایمان لے آئی تو وہ حضرت کا جاہ و جلال دیکھ کر کیا پکار اٹھی۔
ج :۔ اَسْلَمْتُ مَعَ سُلَیْمَانَ
س :۔ قرآن کریم کی اس سورہ کا نام بتائیے جو ایک خاتون کے نام پر ہے؟
ج :۔ سورہ مریم۔

Marfat.com

س :۔ قرآن پاک کی کس سورہ میں حضرت مریمؑ کی پیدائش کا ذکر کیا گیا ہے؟
ج :۔ سورہ آل عمران آیات ۳۵ تا ۳۷۔
س :۔ ازواج مطہرات میں ان زوجہ محترمہ کا نام بتائیے۔ جن کے دو نکاح ہوئے اور دونوں مواقعوں پر اللہ تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی۔
ج :۔ حضرت زینب بنت جحش۔
س :۔ سورہ مریم میں یا اُخت ہارون۔ کس خاتون کو کہا گیا ہے؟
ج :۔ حضرت مریمؑ کو۔
س :۔ قرآن پاک میں کل کتنی خواتین کا نام آیا ہے۔ ج :۔ تیرہ۔
س :۔ قرآن پاک میں اشارتاً جن عورتوں کا ذکر آیا ہے ان کے لئے کون سے الفاظ استعمال کئے گئے ہیں؟
ج :۔ اِمراۃ تملکھم (بلقیس) (سورہ نمل ۲۳، ۲۴) اِمراۃُ زکریا آل عمران (۳۹) اِمراۃ العزیز۔ عزیز مصر کی بیوی (سورہ یوسف - ۳۰) امراۃ عمران۔ حضرت مریم کی والدہ (آل عمران ۳۵) امراۃ فرعون - فرعون کی بیوی (قصص ۹) ام موسیٰ حضرت موسیٰؑ کی والدہ۔ اُخت موسیٰؑ۔ اُختِ ہارون۔ امراۃ ابولہب (ابولہب کی بیوی) حضرت شعیبؑ کی بیٹیاں۔

رکوع

س :۔ بتائیے رکوع کسے کہا جاتا ہے؟ ج :۔ لفظ رکوع عاجزی کرنے کے معنوں

Marfat.com

میں آتا ہے۔

س :۔ بتائیے قرآن پاک میں کل کتنے رکوع ہیں۔ ج :۔ ۵۴۰۔

س :۔ بتائیے سورہ بقرہ میں کتنے رکوع ہیں۔ ج :۔ ۴۰۔

س :۔ بتائیے سورہ فاتحہ کتنے رکوع پر مشتمل ہے؟ ج :۔ صرف ایک۔

س :۔ ان سورتوں کی تعداد بتائیے جو ایک ایک رکوع پر مشتمل ہیں۔

ج :۔ ۳۶۔

س :۔ سورہ بقرہ میں سب سے زیادہ رکوع ہیں؟ بتائیے دوسرے نمبر پر اس سے کم رکوع کس سورہ کے ہیں؟

ج :۔ سورہ النساء ۲۴۔ سورہ اعراف ۲۴۔

س :۔ سورہ آلِ عمران اور سوہ انعام میں کتنے کتنے رکوع ہیں؟

ج :۔ بیس، بیس۔

س :۔ سولہ سولہ رکوع پر مشتمل سورتوں کے نام بتائیے؟

ج :۔ سورہ مائدہ، سورہ توبہ، سورہ نحل۔

سجدے

س :۔ بتائیے قرآن پاک میں کل کتنے سجدے ہیں؟

ج :۔ ۱۴ مقامات پر لازمی سجدہ آیا ہے۔

س :۔ قرآن پاک کا پہلا سجدہ نویں پارے کی سورہ الاعراف کی آیت ۲۰۶ میں ہے۔ بتائیے دوسرا سجدہ کس پارے میں ہے؟

Marfat.com

ج :- تیرہویں پارے کا سورہ الرعد آیت ۱۵۔

س :- بتائیے قرآن پاک کا آخری سجدہ کس سورہ میں ہے؟

ج :- سورہ علق کی آیت ۱۹ میں۔

س :- السجدہ کے نام سے قرآن پاک کی ایک سورہ بھی ہے۔ بتائیے اس کی ابتداء کن الفاظ سے ہوتی ہے؟

ج :- الٓمّٓ ۝ تَنْزِيلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۔
اس میں کچھ شک نہیں کہ یہ کتاب جہان کے پالنے والے کی طرف سے نازل ہوئی ہے۔

س :- سجدہ تلاوت کا صحیح طریقہ کیا ہے۔

ج :- اللہ اکبر کہہ کر سجدہ میں چلا جائے اور اللہ اکبر کہہ کر اٹھ جائے۔ بس یہی سجدہ تلاوت ہے۔

س :- کیا آیت سجدہ تلاوت کرنے والے اور تمام سامعین پر سجدہ واجب ہے؟

ج :- جی ہاں واجب ہے۔

س :- قرآن پاک کا تیسرا سجدہ سورہ نحل آیت ۵۰ میں آتا ہے۔ بتائیے چوتھا سجدہ کس سورہ میں آتا ہے؟ ج :- سورہ بنی اسرائیل آیت ۱۰۹ میں۔

س :- بتائیے پانچواں سجدہ کس سورہ میں آتا ہے؟

ج :- سورہ مریم کی آیت ۵۸ میں۔

س :- قرآن پاک کا چھٹا سجدہ چوتھی منزل میں آتا ہے۔ بتائیے کس سورہ میں؟

ج :- سورہ حج کی آیت ۷۷ میں پارہ ۱۷ میں۔

س :- قرآن پاک کا ساتواں سجدہ سورہ فرقان آیت ۶۰ میں آتا ہے۔ بتائیے آٹھواں کس سورہ میں آتا ہے۔ ج :- سورہ نمل آیت ۲۶ میں۔

Marfat.com

س :۔ نویں سجدے کے نام پر ایک سورۃ بھی ہے۔ بتائیے اس کا نام کیا ہے۔
ج :۔ سورہ السجدہ پارہ ۲۱۔
س :۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قرآن مجید کی پہلی منزل میں کل کتنے سجدے ہیں؟
ج :۔ ایک بھی نہیں۔
س :۔ قرآن پاک کے ساتویں سجدے کے لئے جو آیت نازل ہوئی ہے۔ اس کے الفاظ کیا ہیں۔ واذا قیل لھم اسجدوا للرحمٰن قالوا وما الرحمٰن ق انسجد لما تامرنا وزادھم نفورا۔
س :۔ قرآن پاک کا آٹھواں سجدہ سورہ نمل پارہ ۱۹ میں آتا ہے۔ بتائیے یہ کس منزل میں ہے؟ ج :۔ ۵ میں۔
س :۔ اللہ لا الٰہ الا ھو رب العرش العظیم کی عبارت کس سجدے کے لئے مخصوص ہے؟ ج :۔ آٹھویں سجدے کے لئے۔
س :۔ سورہ ص پارہ ۲۳ کی چھٹی منزل میں کون سا سجدہ آتا ہے؟
ج :۔ دسواں آیت ۲۴ میں۔
س :۔ گیارہواں سجدہ پارہ ۲۴ کی سورہ حم سجدہ میں آتا ہے۔ بتائیے بارہواں کس پارے میں آتا ہے۔ ج :۔ پارہ ۲۷ سورہ قمر آیت ۶۲ میں۔
س :۔ بتائیے تیرہواں سجدہ کس سورہ کس پارے اور کس منزل میں ہے؟
ج :۔ سورہ الانشقاق، پارہ ۳۰ منزل ۷، آیت ۲۱۔
س :۔ بتائیے کون کون سے دو سجدے ایک ہی پارے میں آتے ہیں؟
ج :۔ سجدہ ۱۳ اور سجدہ ۱۴ پارہ ۳۰ میں۔
س :۔ ساتویں منزل میں کل کتنے سجدے آتے ہیں؟
ج :۔ تین ۱۲، ۱۳ اور ۱۴۔

Marfat.com

س :- مختلف سورتوں کے چھٹے رکوع میں مختلف سجدے آتے ہیں۔ کیا آپ ان کے نمبر بتا سکتے ہیں؟

ج :- جی ہاں۔ نمبر ۲، نمبر ۵، نمبر ۷، نمبر ۱۱۔

س :- بتائیے چودھواں اور آخری سجدہ کس سورہ کی کس آیت میں آتا ہے؟

ج :- سورہ العلق آیت ۱۹۔

س :- سجدہ کی آیات کن سورتوں میں آتی ہیں؟

ج :- ۱۔ سورہ اعراف۔ ۲۔ سورہ رعد۔ ۳۔ سورہ نحل۔ ۴۔ سورہ بنی اسرائیل
۵۔ سورہ مریم۔ ۶۔ سورہ حج۔ ۷۔ سورہ فرقان۔ ۸۔ سورہ نمل۔
۹۔ سورہ الم سجدہ۔ ۱۰۔ سورہ ص ۔ ۱۱ سورہ حم سجدہ۔
۱۲ سورہ النجم۔ ۱۳۔ سورہ انشقاق۔ ۱۴۔ سورہ اقراء۔

صحابیؓ اور قرآن

س :- تدوین قرآن کے وقت کن صحابی سے سورہ توبہ کا آخری حصہ ملا تھا؟

ج :- ابو خزیمہ انصاری سے۔

س :- ان صحابیؓ کا نام بتائیے جو اسلام قبول کرنے سے پہلے قرآن پاک نہ سننے کے لئے اپنے کانوں میں ہر وقت روئی رکھا کرتے تھے؟

ج :- طفیل بن عمر الدوسی۔

س :- "ترجمان القرآن" کن صحابی کو کہا جاتا ہے؟

ج :- حضرت عبداللہ بن عباس کو۔ کیونکہ وہ تمام اصحابہ کرام میں سے علوم قرآن

Marfat.com

موضوع پر حجت تسلیم کئے گئے ہیں۔

س:۔ بتائیے سورہ احزاب میں کن واحد صحابیؓ کا ذکر آیا ہے؟

ج:۔ حضرت زید بن حارثؓ۔

س:۔ قرآن پاک کی باآواز بلند تلاوت کرنے والے صحابی کا نام کیا تھا؟

ج:۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ۔

س:۔ جامع قرآن کن صحابی کو کہا جاتا تھا؟ ج:۔ حضرت عثمان غنیؓ کو۔

س:۔ قرآن پاک کی کتابت کا شرف کتنے اصحابہ کو حاصل ہوا؟

ج:۔ چالیس اصحابہ کو۔

س:۔ کاتب قرآن، راسخین فی العلم کن صحابی کو کہا جاتا ہے؟

ج:۔ حضرت زید بن ثابتؓ۔

س:۔ قرآن پاک کے حروف کا شمار کرنے والے پہلے صحابی کا نام بتائیے؟

ج:۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ۔

س:۔ ان صحابی کا نام بتائیے جنہوں نے مدینہ منورہ میں سب سے آخر میں نازل ہونے والی وحی کی عبارت لکھی۔

ج:۔ حضرت ابی بن کعب انصاری نے۔

س:۔ حضرت عمر بن رافعؓ نے کن ام المومنین کے لئے قرآن پاک لکھا؟

ج:۔ حضرت حفصہؓ کے لئے۔

س:۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چار صحابہ سے قرآن سیکھنے کا حکم صادر فرمایا۔ تھا۔ کیا آپ ان اصحابہ کے نام بتا سکتے ہیں؟

ج:۔ جی ہاں! حضرت ابی بن کعبؓ۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ۔ حضرت حذیفہؓ اور حضرت زید بن ثابت۔

Marfat.com

س :۔ ان صحابی کا نام بتائیے جو ایک رکعت میں پورا قرآن پاک پڑھتے تھے؟
ج :۔ حضرت عثمان رضؓ۔
س :۔ ان صحابی کا نام بتائیے جنہوں نے سب سے پہلے قرآن پاک لکھوا کر تقسیم کیا؟
ج :۔ حضرت عثمان رضؓ۔
س :۔ اقرا القوم کا خطاب عہد رسالت میں کن صحابی کو عطا کیا گیا تھا؟
ج :۔ حضرت ابی بن کعب رضؓ۔
س :۔ حضرت عمر رضؓ کون سی سورت کی تلاوت سن کر ایمان لائے تھے؟
ج :۔ سورہ نمل کی۔
س :۔ ان صحابی کا نام بتائیے جنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پورا قرآن پاک زبانی سنایا تھا۔ ج :۔ حضرت زید بن ثابت رضؓ نے۔
س :۔ قرآن پاک کی تعلیم دینے کے لئے حضورؐ نے کن صحابی کو مدینہ منورہ بھیجا تھا؟
ج :۔ حضرت مصعب بن عمر کو۔
س :۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے وقت کتنے صحابہ قرآن پاک کے حافظ تھے؟ ج :۔ بائیس ۲۲۔
س :۔ سورہ توبہ کی کس آیت میں کن الفاظ میں حضرت ابوبکر رضؓ کا اشارتاً ذکر آتا ہے؟
ج :۔ اگر تم اس کی مدد نہیں کرتے تو اللہ کو پرواہ نہیں۔ کیونکہ اللہ نے رسول کی اس وقت مدد کی جب اسے کفار نے مکہ سے نکال دیا تھا۔ اور وہ دو میں دوسرا تھا۔ جب یہ دونوں غار میں تھے۔ تو اس نے اپنے ساتھی سے کہا غم نہ کرو اللہ ہمارے ساتھ ہے۔
س :۔ بتائیے غزوۂ احد کا ذکر کس سورہ میں آیا ہے؟
ج :۔ سورہ آل عمران میں۔

Marfat.com

س :۔ سورہ انفال میں ایک غزوے کو یوم الفرقان کے نام سے یاد کیا گیا ہے غزوے کا نام بتائیے۔ ج :۔ غزوۂ بدر ۔
س :۔ قرآن حکیم میں غزوہ خندق کو کیا نام دیا گیا ہے؟ ج :۔ غزوہ احزاب۔
س :۔ بتائیے غزوہ حنین کا ذکر کس سورہ میں آیا ہے؟ ج :۔ سورہ توبہ میں۔
س :۔ غزوہ خیبر کی خبر قرآن پاک کی کس سورہ میں دی گئی ہے؟
ج :۔ سورہ فتح میں۔
س :۔ قرآن پاک میں کل کتنے غزوات کا ذکر ملتا ہے۔ ج :۔ بارہ کا۔
س :۔ غزوہ بدر کی فتح کے موقع پر کون سی سورت نازل ہوئی۔
ج :۔ سورہ الفرقان۔

قرأت

س :۔ یہ بتائیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں کون کون سے قاری بہت زیادہ مشہور ہوئے؟
ج :۔ حضرت ابی بن کعبؓ۔ حضرت زید بن ثابتؓ۔ حضرت عثمان ذوالنورین وغیرہ
س :۔ یہ بتائیے کہ فن قرات کی روایت حفص کی بنیاد کس نے رکھی؟
ج :۔ امام عاصم کوفیؒ نے۔
س :۔ روایت حفص کے علاوہ کتنی قرأتیں دنیا بھر میں رائج ہیں۔ اور اصطلاح میں انہیں کیا کہا جاتا ہے۔ ج :۔ نو، سبقہ و عشرہ قرات۔
س :۔ یہ بتائیے کہ دنیا کے مشہور قاری عبدالباسط عبدالصمد کب اور کہاں پیدا

Marfat.com

ہوئے۔ ج:۔ ۱۹۲۷ء میں مصر کے ضلع قنا میں۔

س:۔ قاری عبدالباسط نے کن مصری قاریوں کی قرأت کو سن کر قرات میں مہارت کا شوق پیدا ہوا؟

ج:۔ شیخ عبدالفتاح شوشائی اور شیخ محمد رفعت۔

س:۔ قاہرہ میں اذاعۃ القرآن نامی ادارے کے قیام کے مقاصد کیا ہیں؟

ج:۔ قرآن پاک کی تعلیم کو مصر اور عالم اسلام میں عام کرنا۔

س:۔ پاکستان کے اس قاری کا نام بتائیے جس نے ۱۴ اپریل ۱۹۸۴ء کو مکہ مکرمہ میں قرآن پاک کے پہلے دس پاروں کے حفظ اور تجوید کے مقابلے میں چوتھی پوزیشن حاصل کی اور ۱۶۰۰ سعودی ریال کا انعام حاصل کیا؟

ج:۔ محمد ناصر غلام۔

س:۔ فن قرأت کا امام کن اصحابی کو کہا جاتا ہے؟ ج:۔ حضرت ابی بن کعب۔

س:۔ فروری ۱۹۷۴ء میں دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس کا افتتاح کس قاری کی تلاوت سے ہوا ج:۔ قاری زاہر قاسمی۔

س:۔ اقراء کا مطلب کیا ہے؟ ج:۔ پڑھ۔

س:۔ بتائیے اقوام متحدہ میں قرآن پاک کی تلاوت کرنے کا شرف سب سے پہلے کس قاری کو حاصل ہوا۔ ج:۔ قاری شاکر قاسمی۔

س:۔ یکم اگست ۱۹۸۰ء کو سلطان ملائشیا نے کوالالمپور میں بین الاقوامی مقابلہ حسن قرات کا افتتاح کیا بتائیے اس میں کتنے ممالک کے قاریوں نے حصہ لیا۔

ج:۔ ۲۳ ممالک کے قاریوں نے (۲۳ قاری اور ۱۱ قاریات۔)

Marfat.com

قرآن اور انبیائے کرام

س :- حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سب سے بڑا معجزہ کون سا ہے؟

ج :- قرآن پاک ۔

س :- قرآن پاک میں حضرت آدم علیہ السلام کا نام کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج :- پچیس مرتبہ ۔

س :- قرآن پاک میں حضرت نوح علیہ السلام کا ذکر کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج :- ۴۲ مرتبہ ۔

س :- قرآن پاک میں کتنے انبیائے کرام کے نام پر سورتیں ہیں؟

ج :- چھ انبیائے کرام کے نام پر (سورہ یونس، سورہ ہود، سورہ یوسف، سورہ ابراہیم، سورہ محمد، سورہ نوح ۔)

س :- قرآن پاک میں جن انبیاء کے نام آئے ہیں وہ تعداد میں کتنے ہیں؟

ج :- ۲۶ کا ۔ حضرت آدمؑ، حضرت نوحؑ، حضرت ادریسؑ ۔ حضرت ابراہیمؑ حضرت اسماعیلؑ ۔ حضرت اسحاقؑ ۔ حضرت یعقوبؑ ۔ حضرت یوسفؑ حضرت لوطؑ ۔ حضرت ہودؑ ۔ حضرت صالحؑ ۔ حضرت شعیبؑ ۔ حضرت موسیٰؑ ۔ حضرت ہارونؑ ۔ حضرت داؤدؑ ۔ حضرت سلیمانؑ ۔ حضرت ایوبؑ حضرت ذوالکفل ۔ حضرت یونس علیہ السلام ۔ حضرت الیاسؑ ۔ حضرت الیسعؑ، حضرت زکریاؑ ۔ حضرت یحییٰؑ ۔ حضرت عیسیٰؑ ۔ حضرت عزیر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔

س :- قرآن پاک میں سب سے پہلے کس پیغمبر کا ذکر آیا ہے ۔

Marfat.com

ج :۔ حضرت آدمؑ (سورہ البقرہ آیت ۳۰ تا ۳۹) کا۔
س :۔ قرآن پاک میں سب سے آخر میں کس پیغمبر کا نام آیا ہے؟
ج :۔ حضرت موسیٰؑ کا۔
س :۔ قرآن پاک میں کس پیغمبر کا ذکر دیگر نبیوں کی نسبت زیادہ طویل ہے؟
ج :۔ حضرت موسیٰؑ کا۔
س :۔ قرآن پاک میں حضرت یوسف علیہ السلام کا قصہ کس نام سے مذکور ہے؟
ج :۔ احسن القصص کے نام سے۔
س :۔ قرآن پاک میں حضرت ایوب علیہ السلام کا ذکر آٹھ مقامات پر آیا ہے بتائیے قرآن پاک کی کون کون سی سورتوں میں ان کا نام آیا ہے؟
ج :۔ سورہ النساء، سورہ الانعام، سورہ الانبیاء، اور سورہ ص۔
س :۔ قرآن پاک میں کن پیغمبر کو ابن مریم کے نام سے پکارا گیا ہے۔
ج :۔ حضرت عیسیٰؑ کو۔
س :۔ قرآن پاک کے مطابق حضرت عزیرؑ پر کتنے عرصے تک موت طاری کر دی گئی تھی۔ ج :۔ سو سال تک۔
س :۔ قرآن پاک میں کن تین پیغمبروں کو حکمت عطا کرنے کا ذکر آیا ہے؟
ج :۔ حضرت داؤدؑ۔ حضرت عیسیٰؑ۔ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
س :۔ قرآن پاک میں کس نبی کو امام الناس کہا گیا ہے؟
ج :۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو۔
س :۔ یہ بتائیے کہ سورہ عنکبوت میں حضرت نوحؑ کی کتنی عمر بتائی گئی ہے؟
ج :۔ ۹۵۰ برس۔
س :۔ حضرت آدمؑ نے دعائے استغفار کا آغاز کن کلمات سے کیا تھا؟

Marfat.com

ج :۔ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ـــــ سورہ الاعراف آیت ۲۳)
س :۔ سورہ الاعراف کی آیت ۸۹ میں کس پیغمبر نے ربنا افتح کے کلمات سے اپنی دعا کا آغاز کیا؟ ج :۔ حضرت شعیبؑ نے ۔
س :۔ سورہ الاعراف کی آیت ۱۵۱ میں حضرت موسیٰؑ نے جو کلمات استغفار کہے ہیں کیا آپ ان کے ابتدائی الفاظ بتا سکتے ہیں ۔ ج :۔ رَبِّ اغْفِرْلِی
س :۔ رَبِّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ کے کلماتِ استغفار کا تعلق کس پیغمبر سے ہے؟
ج :۔ حضرت نوحؑ سے (سورہ ہود آیت ۴۷)
س :۔ سورہ الانبیاء کی کس آیت میں حضرت ایوبؑ کی بیماری کی حالت میں دعا کا ذکر ملتا ہے؟ ج :۔ آیت ۸۳ میں ۔
س :۔ حضرت یونسؑ کی مچھلی کے پیٹ سے نجات کی دعا کے کلمات کون سے ہیں؟
ج :۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ سورہ الانبیاء آیت ۸۷ ۔
س :۔ حضرت موسیٰؑ نے فرعون کے دربار میں جانے سے پہلے دعا کی صورت میں ایک سورہ کی ۲۵ تا ۳۵ ویں آیت پڑھی بتایئے وہ سورہ کون سی تھی؟
ج :۔ سورہ طٰہٰ ۔
س :۔ کیا آپ حضرت موسیٰؑ کی اس دعا کے ابتدائی الفاظ بتا سکتے ہیں؟
ج :۔ جی ہاں قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۔
س :۔ حضرت سلیمان نے چیونٹی کا کلام سننے کے بعد دعا فرمائی تھی۔ بتایئے وہ دعا کس سورہ میں ہے؟ ج :۔ سورہ نمل میں ۔
س :۔ ایک پیغمبر کو ایک ستارے، پھر چاند اور بالآخر سورج پہ خدا ہونے کا گمان،

Marfat.com

گزرا لیکن جب یہ ڈوب گئے تو انہوں نے کہا لَآ اُحِبُّ الاٰفِلِین یعنی میں ڈوبنے والوں کو پسند نہیں کرتا (سورہ انعام ۷۶ - ۸۱) کیا آپ اُن پیغمبر کا نام بتا سکتے ہیں؟ ج :- جی ہاں! حضرت ابراہیمؑ۔

س :- کس پیغمبر کی التماس پر اللہ تعالیٰ نے چار ذبح شدہ پرندوں کو زندہ کیا؟

ج :- حضرت ابراہیمؑ (سورہ بقرہ ۲۶۰) کی التماس پر۔

س :- ہابیل اور قابیل کس پیغمبر کے بیٹے تھے؟ ج :- حضرت آدمؑ کے۔

س :- سورہ یوسف کی ۱۰۰ ویں آیت میں کس بات کا ذکر ملتا ہے؟

ج :- حضرت یوسفؑ نے اپنے والدین کو تخت پر بٹھایا اور تمام اہلِ خاندان (گیارہ بھائی اور ماں، باپ) یوسف کے سامنے سجدہ میں گر گئے۔

س :- میرے بعد ایک رسول آئے گا جس کا نام احمد ہو گا۔ بتائیے حضرت عیسیٰؑ کی یہ بشارت قرآن پاک کی کس سورہ میں ملتی ہے؟

ج :- سورہ الصّفت آیت ۶ میں۔

س :- قرآن پاک میں صدیقاً نبیاً کا لفظ کس پیغمبر کے لئے استعمال کیا گیا ہے؟

ج :- حضرت ادریسؑ کے لئے (سورہ مریم ۵۶)

س :- ہم نے ابراہیمؑ کو ایک صابر و حلیم بچے کی بشارت دی تھی۔ بتائیے اس بچے کا نام کیا تھا؟

ج :- حضرت اسماعیلؑ۔ جو بعد میں منصب رسالت پر فائز ہوئے۔

س :- قرآن حکیم میں الواحِ موسیٰ کا ذکر کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج :- تین مرتبہ (سورہ اعراف ۱۴۵ - اعراف ۱۵۰ - اور اعراف ۱۵۴۔

س :- حضرت الیاس کا ذکر سورہ صٰفٰت میں ملتا ہے۔ بتائیے کن آیات میں۔

ج :- ۱۲۳ تا ۱۳۰ میں۔

Marfat.com

س:۔ سورہ انعام کی ۸۶ ویں آیت میں حضرت الیسع کا ذکر دیگر تین پیغمبروں کے ہمراہ ملتا ہے۔ کیا آپ ان پیغمبروں کے نام بتا سکتے ہیں؟

ج:۔ جی ہاں۔ حضرت اسماعیلؑ، حضرت یونسؑ، حضرت لوطؑ۔

س:۔ اللہ نے حضرت ابراہیمؑ کو اپنا دوست بنا لیا ہے۔ بتلایئے یہ سورہ نساء کی کس آیت کے الفاظ ہیں؟ ج:۔ ۱۲۵ کے۔

س:۔ قرآن کے مطابق حضرت داؤد علیہ السلام کن فنون میں مہارت رکھتے تھے۔

ج:۔ لوہے کو پگھلانے، زرہ بنانے اور دوسروں کو بات سمجھانے میں۔

س:۔ قرآن پاک میں حضرت ذوالکفل کا ذکر سورہ انبیا کی ۸۵ تا ۸۶ آیات میں آیا ہے۔ بتایئے کن پیغمبروں کے ساتھ۔ ج:۔ حضرت اسماعیل اور حضرت ادریسؑ کے ساتھ۔

س:۔ حضرت یونسؑ کا ذکر قرآن پاک میں چھ مرتبہ آیا ہے۔ چار مرتبہ ان کے اصل نام سے۔ بتایئے دو مرتبہ کن ناموں سے آیا ہے؟

ج:۔ ذوالنون اور صاحب الحوت۔

س:۔ مجھے پاکیزہ اولاد عطا کر کہ تو دعائیں سنتا ہے۔ بتایئے اولاد کے سلسلے میں یہ دعا کس پیغمبر نے اللہ تعالیٰ سے مانگی تھی؟

ج:۔ حضرت زکریا علیہ السلام نے۔

س:۔ حضرت یحییٰؑ کو کتاب عطا کرنے کا ذکر کس سورہ میں ملتا ہے؟

ج:۔ سورہ مریم آیت ۱۲۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ اے یحییٰ کتاب کو مضبوطی سے پکڑو۔

س:۔ قرآن حکیم میں حضرت لوطؑ کا ذکر کتنی مرتبہ آیا ہے۔ ج:۔ اٹھائیس مرتبہ۔

س:۔ کس پیغمبر کی قوم کو من وسلویٰ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مہیا کیا جاتا تھا؟

Marfat.com

ج :۔ حضرت موسیٰؑ کی قوم کو۔
س :۔ یعقوبؑ کا ذکر قرآن پاک میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج :۔ ۱۶ مرتبہ۔

قرآن مجید اور مذاہب عرب (قبل اسلام)

س :۔ قرآن پاک کے نزول کے وقت عرب میں کون کون سے مستند مذاہب موجود تھے؟
ج :۔ یہودیت۔ نصرانیت۔ مجوسیت۔ صابئیت۔ حنفیت اور دیگر بہت سے جنہیں متعدد بار قرآن پاک نے یکجا بیان فرمایا ہے۔
س :۔ سورہ توبہ میں کس مذہب کا ذکر موجود ہے؟
ج :۔ یہودیت کا۔ قالَتِ الیَهُودُ عُزَیرٌ ابنُ اللہ۔ یہود نے کہا عزیر خدا کے بیٹے ہیں۔
س :۔ قرآن پاک میں عیسائیوں کے عقائد کو کن چار سورتوں میں رد کیا گیا ہے؟
ج :۔ سورہ نساء میں ایک بار اور سورہ مائدہ میں تین مرتبہ۔
س :۔ قرآن پاک کی کس سورہ میں مجوسیوں کو کہا گیا ہے کہ وہ دو خدا نہ بنائیں۔ خدا تو ایک ہی ہے۔
ج :۔ سورہ نحل۔ (قَالَ اللہُ لَا تَتَّخِذُوْا اِلٰهَیْنِ اثْنَیْنِ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ)
س :۔ قرآن مجید میں صابئیت کا ذکر کتنی مرتبہ آیا ہے؟
ج :۔ تین مرتبہ (سورہ بقرہ، مائدہ اور حج میں)

Marfat.com

س :۔ مجوس کا نام صرف ایک ہی مرتبہ قرآن پاک میں آیا ہے بتائیے کس سورہ میں ؟

ج :۔ سورہ حج میں ۔

س :۔ صابئی قوم کی ہدایت و اصلاح کے لئے سب سے پہلے کون سے پیغمبر مبعوث ہوئے ؟ ج :۔ حضرت ابراہیمؑ ۔

س :۔ قرآن پاک نے ملت حنیف کس قوم کو کہا ہے ؟

ج :۔ حضرت ابراہیمؑ کے ماننے والوں کو ۔

س :۔ مذہب حنیف کا ذکر قرآن مجید میں بھی آیا ہے ۔ کم از کم تین سورتوں کے نام بتائیے ۔ جن میں اس کا ذکر موجود ہے ؟

ج :۔ سورہ یونس ، سورہ انعام اور سورہ روم ۔

کفار اور قرآن

س :۔ بتائیے قرآن پاک میں کن کفار کا ذکر آیا ہے ؟

ج :۔ ابلیس ، فرعون ، قارون ، ہامان ، آذر ، سامری اور ابولہب ۔

س :۔ بتائیے قرآن پاک میں لفظ قارون کتنی مرتبہ آیا ہے ؟

ج :۔ چار مرتبہ ۔ القصص ۷۶ ، ۷۹ ، العنکبوت ۳۹ ، المومن ۲۴ ۔

س :۔ قارون ، فرعون اور ہامان کا ذکر سورہ العنکبوت میں ایک ساتھ آیا ہے بتائیے کس آیت میں ؟ ج :۔ ۳۹ ۔

س :۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے سب سے بڑے دشمن عتبہ بن ربیعہ نے قرآن پاک سن کر اپنے ساتھیوں کو کیا کہا تھا ؟

Marfat.com

ج :- میں نے دنیا کے بے شمار مشہور شعراء اور مغنی کا کلام سنا ہے لیکن یہ کلام نہ سحر ہے نہ شاعری بلکہ کچھ اور ہی شئے ہے۔ اس لئے میری رائے میں تو ان کی مخالفت ترک کر دو۔

س :- بتائیے یہ الفاظ کس کے ہیں۔ بظاہر تو قرآن کی عمر ۱۴ سو برس ہے۔ لیکن دنیا میں جتنی کتابیں لکھی گئی ہیں اور شائع ہو چکی ہیں ان سب میں زیادہ سے زیادہ قرآن کو ہی پڑھا جاتا ہے۔ اسی لئے اس کو الکتاب کہا گیا ہے۔

ج :- پروفیسر ھتی (پرنسٹن یونیورسٹی امریکہ)

س :- حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا ابولہب کا ذکر قرآن پاک میں آیا ہے۔ بتائیے ابولہب کا مطلب کیا ہے؟ ج :- شعلوں کا باپ۔

س :- عاد اولیٰ کا ذکر قرآن پاک کی کس سورہ میں آیا ہے؟

ج :- سورہ نجم آیت ۵۱۔

س :- جس وقت قرآن پاک کا نزول شروع ہوا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب سے پہلے کن گروہوں کو اللہ کا پیغام پہنچایا؟

ج :- ۱- مشرکین مکہ۔ ۲- یہود و نصاریٰ۔ ۳- صابی۔ ۴- حق کے متلاشی ۵- منافقین۔

س :- فرعون کی لاش کو آئندہ نسلوں کے لئے باعث عبرت بنا کر رکھنے کا ذکر کس سورہ میں آیا ہے؟ ج :- سورہ یونس آیت ۹۲۔

س :- فرعون کی لاش کس مقام پر محفوظ ہے؟ ج :- قاہرہ کے عجائب گھر میں۔

Marfat.com

ملائکہ اور قرآن پاک

س :۔ بتائیے قرآن پاک میں کن فرشتوں کا ذکر آیا ہے ؟

ج :۔ حضرت جبرئیل ۔ حضرت میکائیل ۔ حضرت ہاروت ۔ حضرت ماروت ۔ حضرت رعد اور ملک الموت ۔

س :۔ بتائیے ہاروت اور ماروت کا ذکر سورہ البقرہ کی ۱۰۲ ویں آیت میں کن الفاظ میں آیا ہے ؟

ج :۔ اور اس کی بھی جو شہر بابل میں ہاروت اور ماروت دو فرشتوں پر اتارا گیا تھا اور وہ کسی کو نہ سکھاتے تھے ۔ جب تک یہ نہ کہہ دیتے کہ ہم تو صرف آزمائش کے لئے ہیں تو کافر نہ بن ۔ پس ان سے وہ بات سیکھتے تھے ۔ جس سے خاوند اور بیوی میں جدائی ڈالیں ۔ حالانکہ وہ اس سے کسی کو اللہ کے حکم کے سوا کچھ بھی نقصان نہیں پہنچا سکتے تھے ۔

س :۔ حضرت میکائیل کا نام سورہ بقرہ میں کس طرح لکھا گیا ہے ؟

ج :۔ میکال ۔

س :۔ "طاؤس عرش" کس فرشتے کو کہا جاتا ہے ؟

ج :۔ حضرت جبرئیل ؑ کو ۔

س :۔ حضرت جبرئیل ؑ کا نام قرآن پاک میں تین مقامات پر استعمال ہوا ہے ۔ کیا آپ ان آیات کے نام بتا سکتے ہیں ؟

ج :۔ سورہ البقرہ آیت نمبر ۹۷ ، آیت نمبر ۹۸ اور سورہ التحریم آیت نمبر ۴ ۔

س :۔ قرآن پاک کی کس سورہ میں یہ ذکر آیا ہے کہ دوزخ پر انیس فرشتے مقرر

Marfat.com

ہیں۔ ج :۔ سورہ المدثر آیت ۳۰

س :۔ معراج شریف میں کس فرشتے نے سدرۃ المنتہٰی سے آگے جانے سے انکار کر دیا تھا۔ ج :۔ حضرت جبرائیلؑ نے۔

س :۔ وحی کے علاوہ حضرت جبرائیل کو اور کونسی ذمہ داری سونپی گئی تھی؟

ج :۔ کفار پر عذاب نازل کرنے کی۔

س :۔ ان دو فرشتوں کے نام بتایئے جنھوں نے اللہ کے حکم سے سب سے پہلے حضرت آدمؑ کو سجدہ کیا تھا؟

ج :۔ حضرت جبرائیلؑ اور حضرت میکائیلؑ۔

س :۔ روح الامین اور روح القدس ایک فرشتے کے صفاتی نام ہیں۔ بتایئے کس فرشتے کے۔ ج :۔ حضرت جبرائیل۔

اصحاب قرآن

س :۔ اَصحابُ الاُخدود کا ذکر قرآن پاک کی کس سورہ میں آیا ہے؟

ج :۔ سورہ بروج (۴-۷)۔

س :۔ اصحاب الاعراف کا ذکر سورہ اعراف ۴۶ میں آیا ہے۔ بتایئے اعراف سے کیا مراد لی جاتی ہے؟

ج :۔ اس سے مراد جنت اور جہنم کے درمیان ایک مقام ہے۔

س :۔ اصحاب الحجر نے کن کو جھٹلایا اور کس کے احکام سے روگردانی کی۔

ج :۔ رسولوں کو جھٹلایا اور اللہ کے احکام کو نہ مانا۔

Marfat.com

س :۔ اصحاب الرس کا ذکر قرآن پاک میں کتنی مرتبہ آیا ہے ؟
ج :۔ دو مرتبہ۔ سورہ ق ۱۲ اور سورہ الفرقان ۳۸ ۔
س :۔ سورہ ق کی آیت ۱۲ میں اصحاب الرس کے ساتھ ایک اور قوم کا بھی ذکر آیا ہے۔ بتائیے کس قوم کا۔ ج :۔ قوم ثمود کا۔
س :۔ سورہ الفرقان آیت ۳۸ میں اصحاب رس کا ذکر کس ضمن میں آیا ہے؟
ج :۔ تباہی کے سلسلے میں۔
س :۔ سورہ بقرہ کی آیت ۶۵ میں جن لوگوں کو ذلیل بندر بنانے کا ذکر کیا گیا ہے۔ بتائیے قرآن میں انہیں کس مخصوص نام سے پکارا گیا تھا ؟
ج :۔ اصحاب السبت ۔
س :۔ بتائیے اصحاب السفینہ کون تھے۔ اور ان کا ذکر قرآن پاک کی کس سورہ میں آیا ہے۔
ج :۔ وہ کشتی والے جو طوفان نوح سے بچنے کے لئے حضرت نوح ؑ کے ہمراہ ان کی کشتی میں سوار ہو گئے تھے۔ سورہ عنکبوت آیت ۱۵ ۔
س :۔ قرآن پاک میں ابرہہ اور اس کی فوج کو کیا مخصوص نام دیا گیا ہے؟
ج :۔ اصحاب الفیل ۔
س :۔ اصحاب القریہ کا ذکر سورہ یٰسین کی کس آیت میں آیا ہے ؟
ج :۔ تیرھویں آیت میں ۔
س :۔ اصحاب کہف کا ذکر سورہ کہف میں آیا ہے۔ بتلائیے اصحاب کہف غار میں کتنی مدت رہے ؟
ج :۔ تین سو نو برس۔ اور کہہ دو کہ صرف اللہ ہی ان کی مدت قیام کو جانتا ہے (کہف ۲۵-۲۶)

Marfat.com

س :۔ اصحاب الایکہ کی طرف کون سے پیغمبر مبعوث ہوئے ؟
ج :۔ حضرت شعیبؑ ۔
س :۔ اصحاب کہف کے ہمراہ ایک جانور بھی تھا۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ وہ کون سا جانور تھا؟ ج :۔ کتا ۔

قرآن پاک کا حسابی نظام

س :۔ قرآن پاک میں حیات وموت کا ذکر ۱۴۵۔۱۴۵ مرتبہ آیا ہے۔ بتائیے دنیا اور آخر کا ذکر کتنی مرتبہ آیا ہے ؟
ج :۔ ۱۱۵ - ۱۱۵ مرتبہ ۔
س :۔ قرآن پاک میں ملائکہ کا ذکر ۸۸ مرتبہ آیا ہے۔ بتائیے شیطانوں کا ذکر کتنی بار آیا ہے ؟ ج :۔ ۸۸ بار ۔
س :۔ بتائیے قرآن مجید میں گرمی اور سردی کا ذکر کتنی کتنی دفعہ آیا ہے ؟
ج :۔ ۴۰۔۴۰ مرتبہ ۔
س :۔ قرآن پاک میں کتنے آسمانوں کا ذکر موجود ہے ؟ ج :۔ سات کا ۔
س :۔ بتائیے حضرت موسیٰؑ علیہ السلام کے بارے مین قرآن پاک میں کتنی راتوں کا ذکر ملتا ہے ؟ ج :۔ چالیس راتوں کا ۔
س :۔ بتائیے قرآن پاک میں کل اعداد کا ذکر کتنی مرتبہ آیا ہے ۔
ج :۔ ۲۸۵ مرتبہ ۔
س :۔ قرآن پاک کے حسابی نظام کی بنیادی اکائی کا انحصار کس ہندسے پر ہے

Marfat.com

ج :۔ انیس کے ہندسے پر۔ اس کی دریافت ۱۹۷۶ء میں امریکہ میں کمپیوٹر کی مدد سے ہوئی۔

س :۔ بتائیے انیس کے ہندسے کی نص قرآن پاک کی کس سورہ میں ہے۔

ج :۔ سورہ المدثر میں۔

س :۔ سورہ العلق کی پہلی پانچ آیتوں میں کل کتنے الفاظ اور حروف ہیں۔

ج :۔ ۱۹ الفاظ اور ۷۶ حروف۔

س :۔ بتائیے سورہ العلق میں کتنی آیات ہیں؟ ج :۔ ۱۹۔

س :۔ قرآن پاک کے آخر سے سورہ العلق کا شمار کریں تو کون سے نمبر پر آتی ہے؟

ج :۔ انیسویں نمبر پر۔

س :۔ لفظ اسم قرآن کریم میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج :۔ انیس مرتبہ۔

س :۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں کل کتنے حروف ہیں؟ ج :۔ انیس۔

س :۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قرآن پاک میں کتنی مرتبہ آئی ہے؟

ج :۔ ۱۱۴ مرتبہ۔

Marfat.com

عربی بولیے	شفیق مرزا
خوبصورت بچوں کے خوبصورت نام	تحسین حسین / محمد شہزاد
قرآن معلومات کے آئینے میں	زاہد حسین انجم
سیرت النبی ﷺ معلومات کے آئینہ میں	زاہد حسین انجم
ذہین بنئے	تحسین حسین
واقفیت عامہ	تحسین حسین
گلدستہ اقوال	نعیم انجم
عالمی ادبی معلومات	زاہد حسین انجم
ماں باپ کے حقوق	راجا رشید محمود
حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ	محمد علی چراغ
حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ	محمد علی چراغ
حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ	محمد علی چراغ
حضرت علی رضی اللہ عنہ	محمد علی چراغ
با محمد ہوشیار	حاجی محمد منیر قریشی
قرآنی دعائیں	حاجی محمد منیر قریشی
اچھی نماز	مولانا جلال الدین امجدی
اسلامی اخلاق	مولانا حبیب الرحمٰن شروانی

Marfat.com

آداب زندگی	مولانا اشرف علی تھانوی
اسلام اور سائنس	حاجی محمد منیر قریشی
تعلیم الاسلام	مولانا مفتی کفایت اللہ
رہنمائے قرآن	ڈاکٹر میر ولی الدین
اولیائے کشمیر	پیرزادہ طیب حسین
حضرت میاں میرؒ	اقبال احمد
یار کامل ﷺ (ابو بکر صدیقؓ)	حاجی محمد منیر قریشی
پیر کاملؒ	حاجی محمد منیر قریشی
اعمال قرآنی	مولانا اشرف علی تھانوی
قائد اعظم ارشادات واقتباسات	تحسین حسین
تصورات قرآن	مولانا ابو الکلام آزاد
کلیر کا چاند	ڈاکٹر ظہور الحسن شارب
علم حدیث اور چند اہم محدثین	سالم قدوائی
1515 سوالات معہ جوابات	تجمل حسین انجم
اسلامی معلومات	

Marfat.com

قرآن

معلومات کے آئینے میں

زاہد حسین انجم

Marfat.com